مجھے معلوم تھا یہ سب... میرا وجدان کہتا تھا اِک حادثہ درپیش ہونا ہے... مجھے درویش ہونا ہے

فلکیاتی و طلسماتی و طبی و روحانی حقائق و دقائق پر مشتمل مخفی علوم کا مستند ترین جریدہ

شمارہ نمبر 3

جلد نمبر 1

JUNE 2020

ماہنامہ روحانی

وِجدان

ادارہ عالیہ مقیاس الروحانیات کا ترجمان

نقش کُن فیکون

طلسماتی نقش

حروف مقطعات اور حضرت علیؑ

نظر بندی

تسخیر چندا جوگنی

شہزادی دولی

صحیح ترین تشخیص کامیاب ترین علاج کی ضمانت ہے۔

خدانخواستہ اگر آپ کسی پیچیدہ مرض کا شکار ہیں تو

شعبہ روحانیات سے یہ معلوم کرالیں کہ آپ کا مرض کیا ہے؟

جسمانی ہے یا روحانی؟ کب اور کس طریق علاج سے شفاء ہو سکے گی؟

یاد رکھیں!

آپ کے مرض کی صحیح تشخیص ہی کامیاب علاج کی بنیاد ہے اور
ہمارا شعبہ روحانیات آپ کے مرض کی درست تشخیص کی ضمانت دیتا ہے

ہمارے یہاں مریضوں کے عوارض کی تشخیص اور ان کے علاج کے لیے

پیر اویس جعفری (ماہر روحانیات)

کی زیر سرپرستی ایک نہایت مضبوط قسم کا مشورہ بورڈ قائم ہے جس میں مختلف طریقہ ہائے علاج کے معالجات پر مکمل عبور اور کامیاب دسترس رکھنے والے انتہائی قابل اور تجربہ کار معالجین شامل ہیں، مقامی مریض حضرات جب چاہیں خود تشریف لا کر بہترین تشخیص اور موثر علاج سے فیض یاب ہو سکتے ہیں دور دراز کے غیر مقامی مریض اپنے مرض کی کل کیفیت ظاہری علامات بے کم و کاست تحریر کر کے بذریعہ خط و کتابت ہی تشخیص و علاج تجویز کروا سکتے ہیں اس کے ساتھ مشورہ فیس =/1000 روپے بذریعہ منی آرڈر یا بینک اکاؤنٹ میں ارسال فرمائیں۔

غرباء اور نادار مریضوں کے لیے مفت مشورہ اور علاج میں خصوصی رعایت برتی جاتی ہے۔

ادارہ مقیاس الروحانیات مقصود منزل جناح ٹاؤن بنگلہ روڈ تحصیل ہارون آباد ضلع بہاولنگر

میری انتہائے نگارش یہی ہے یا رب
تیرے نام سے ابتداء کر رہا ہوں

التماس دعا

مومنین سے گزارش ہے کہ اول و آخر ایک ایک مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ اور تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر حضرت آدمؑ سے لے کر آج تک جتنے بھی مومنین بہن، بھائی اس دنیا فانی سے کوچ کر گئے ہیں اُن سب کو ایصال ثواب کریں۔

خاص بالخصوص میرے والد گرامی مقصود احمد (مرحوم) اور روحانی والد عابد جعفری (مرحوم) کو ایصال ثواب کریں جن کی یاد میں یہ روحانی جریدہ آپ قارئین و شائقین کی نظر ہے

قیمت فی شمارہ	سالانہ ممبرشپ (رجسٹرڈ ڈاک)	بیرون ملک سالانہ
100 روپے	2000 روپے	70 امریکی ڈالر

قارئین سے چند گزارشات

ملاقات کے لیے آنے والے خواتین وحضرات سے گزارش ہے کہ وہ کسی زحمت سے بچنے کے لیے فون پر پہلے ملاقات کا وقت طے کرلیں ورنہ ملاقات نہ ہوگی۔ بعض لوگوں کی عادت ہوتی ہے کہ وہ فون پر اپنے مسائل کا حل پوچھتے ہیں اور عملیات کی اجازت مانگتے ہیں۔ عرض ہے کہ فون سے زیادہ خطوط کو ترجیح دیں جو آپ کا مسئلہ ہو یا جس عمل کی اجازت لینی ہو اُس کی تفصیل خط میں لکھیں۔

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں!

ادارہ مقیاس الروحانیات مقصود منزل جناح ٹاؤن، بنگلہ روڈ تحصیل ہارون آباد ضلع بہاولنگر
0333-2424103,0322-2424103,0345-2424103

عجیب طلسماتی نقش

پیر اویس جعفری (ماہر روحانیات)

نقش مکرم یہ ہے:

۷۸۶

۲۲۵	۲۲۸	۲۳۲	۲۱۸
۲۳۱	۲۱۹	۲۲۴	۲۲۹
۲۲۰	۲۳۴	۲۲۶	۲۲۳
۲۲۷	۲۲۲	۲۲۱	۲۳۳

اللھم صلی علی محمد و علی آل محمد و بارک وسلم اللھم یا قابض
اقبض جمیع اثرات سحر و جادو ٹونہ و آسیب و جنات و بندش
سفلی و علوی نظر بد و ھمہ قسم اثرات بد و ھمہ قسم مرض
بدنی بحق یا قابض العجل الوحا الساعۃ

چال نقش

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

سینکڑوں مسائل میں کام آنے والا نقش آب حیات کی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ نقش جادو ٹونہ، آسیبی اثرات، رجعت اور بندش کی نحوست کو رفع کرنے کے لیے بے حد مجرب ہے اس نقش کی خوبی یہ ہے کہ یہ نقش فی الفور اثر پذیر ہوتا ہے۔

فوائد نقش

رشتوں کی بندش

بعض حاسد اور مخالف قسم کے لوگ ذاتی عناد کی وجہ سے لڑکیوں/لڑکوں کے رشتوں کی بندش کرا دیتے ہیں نتیجہ یہ نکلتا ہے اُن کے رشتوں کے پیغامات آنا بند ہو جاتے ہیں اور اُنکی شادی کی عمر نکل جاتی ہے۔

دوسری وجہ یہ ہوتی ہے کہ بعض لڑکیاں آسیبی مریضہ ہوتی ہیں اُن پر آسیبی اثرات کی وجہ سے بھی بندش لگ جاتی ہے۔

اگر کسی لڑکی کی کے بارے میں یہ محسوس ہو کہ اس کے رشتوں کی بندش ہے اور اس کے پیغامات موصول نہیں ہو رہے یا رشتے کی بات چلتے چلتے ختم ہو جاتی ہے۔

تو ایسی صورت میں یہ نقش دو عدد لکھیں

1. نقش اس کے گلے میں پہنا دیں۔

2. نقش کو آب زم زم، عرق گلاب اور تازہ پانی میں ڈال کر رکھ لیں یہ پانی متاثرہ لڑکی کو صبح وشام تین روز بلاناغہ پیئے۔

انشاءاللہ تین یوم کے اندر ہی بندش ٹوٹ جائے گی اور رشتے آنا شروع ہو جائیں گے۔

عقد فرج

عملیات کی لائن میں ایک عمل عقد فرج بھی آتا ہے اس عمل کے ذریعے عورت کو بیکار کر دیا جاتا ہے اور وہ اپنے شوہر سے صحبت نہیں کر پاتی بلکہ اسے صحبت سے نفرت اور وحشت ہوتی ہے۔ یا دوسری صورت میں اگر عورت پر آسیبی اثرات ہوں یا جنات وغیرہ مسلط ہوں تب بھی ایسا ہوتا ہے اگر کسی عورت کے بارے میں یہ محسوس ہو تو ایک نقش تحریر کر کے گلے میں ڈالیں اور جادو شکن نقش سے غسل کروائیں اور تین روز تک تین نقش عرق گلاب، آب زم زم اور تازہ پانی میں بلاناغہ تین یوم روزانہ تین وقت پلائیں انشاءاللہ اس موزی بندش سے نجات ملے گی۔

بندش حمل

خوف خدا سے بے پرواہ لوگ سفلی عمل کے ذریعے عورتوں کی کوکھ باندھ دیتے ہیں یا دوسری وجہ آسیبی اثرات ہوتے ہیں نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ حمل ٹھہرتا ہی نہیں اگر ٹھہر بھی جائے تو ضائع ہو جاتا ہے اور حمل پورا ہونے کی نوبت ہی نہیں آتی اگر کسی عورت کے بارے میں ایسا محسوس ہو تو اس کے لیے یہی ایک تعویز تحریر کر کے اس کے گلے میں ڈالیں اور سات تعویز اکیس یوم یعنی ایک تعویز تین یوم روزانہ تین وقت پلائیں (یہ عمل غسل حیض کے فوراً بعد کیا جائے)۔

خون حیض جاری ہونا

بعض مخالف سفلی اعمال کے ذریعے عورت کا خون حیض جاری کروا دیتے ہیں نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ خون حیض کسی طریقہ سے رکتا نہیں ہے دوسری وجہ جو کہ اکثر میرے مشاہدہ میں آئی ہے کہ اکثر عورتیں آسیبی مریضہ ہوتی ہیں یا ان پر کوئی نہ کوئی زی روح مسلط ہوتی ہے اس وجہ سے بھی خون حیض جاری ہو جاتا ہے یا کسی دوائی سے نہیں رکتا۔

اگر کسی عورت کے ساتھ ایسا مسئلہ ہو تو ایک نقش تحریر کر کے سیاہ کپڑے اور سیاہ ڈوری میں اس کی کمر کے ساتھ باندھیں اور تین نقش روزانہ صبح وشام تین روز تک پلائیں بفضل تعالی جاری خون حیض رُک جائے گا جو نقش کمر کے ساتھ باندھنا ہے اس کے نیچے یہ عبارت لکھی جائے گی۔

"بستم خون حیض فلاں بنت فلاں خون حیض نہ آئے۔" (فلاں بنت فلاں کی جگہ مریضہ کا نام مع والدہ لکھیں)

یہ نقش کم از کم اکیس روز تک مریضہ کی کمر کے ساتھ رہے اور جب ماہانہ ایام کی مقررہ تاریخ آئے تو نقش کھول لیا جائے۔

جادوسحر، آسیبی اثرات

اگر کسی عورت پر جادوسحر کیا گیا ہو یا وہ آسیبی مریضہ ہو یا جنات کے اثرات ہوں یا جنات مسلط ہوں نظر آتے ہوں یا محسوس ہوتے ہوں تو اس کے تدارق کے لیے ایک نقش تحریر کر کے مریضہ کے گلے میں ڈالیں اور تین روز تک جادوشکن نقش کے پانی سے غسل کروائیں اور یہ تین نقش تین روز تک روزانہ صبح وشام پلائیں جائیں انشاءاللہ جادوسحر وآسیبی اثرات سے ہمیشہ کے لیے نجات مل جائے گی۔

بندش کاروبار

آج کل یہ خباثت ہوگئی ہے کہ یہ فتنہ پرور اور حاسد قسم کے لوگ چلتے چلاتے کاروبار کو سفلی عمل کے ذریعے باندھ دیتے ہیں نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اچھا خاصہ کاروبار تباہ و برباد ہو جاتا ہے اور انسان کا ہاتھ تنگ ہو جاتا ہے قرض بڑھنے لگتا ہے گھر میں معاشی تنگی آجاتی ہے اور انسان کی عزت تک بھی داؤ پر لگ جاتی ہے جو مرد یا عورت یہ محسوس کرے کہ اُس کی اور اُس کے کاروبار کی بندش کر دی گئی ہے اس کو رفع کرنے کے لیے ایک نقش کو تحریر کر کے اپنے پاس رکھے جادوشکن نقش کے پانی سے تین روز تک غسل کرے اور ایک نقش ذرا واضع اور خوش خط تحریر کر کے کاروبار کی جگہ پر آویزاں کر دے اگر فریم کر کے آویزاں کرے تو بہتر ہے انشاءاللہ باندھا ہو کاروبار کھل جائے گا۔

ڈرخوف

میرے پاس سینکڑوں ایسی خواتین کے کیس آئیں ہیں جن پر جادوسحر اور آسیبی اثرات تھے اور ان کو مختلف چیزوں سے ڈرخوف لگتا تھا کوئی خاتون اندھیرے میں ڈرتی تھیں کوئی بجلی چمکنے سے کوئی بادل گرجنے سے ڈرتی تھیں کچھ خواتین بارش سے ڈرتی تھیں اور بارش میں باہر نہیں نکل سکتی تھیں کسی کو بلندی سے نیچے دیکھنے پر خوف آتا تھا کچھ کنویں میں جانکھنے سے ڈرتی تھیں اور وہ کنویں سے پانی نہیں نکال سکتی تھیں کچھ اندھی اور طوفان سے ڈرتی تھیں مرغی یا کوئی جانور ذبح ہوتے نہیں دیکھ سکتی تھیں کیونکہ ان کو ڈرخوف آتا تھا اور کچھ بلی اور کتے سے ڈرتی تھیں اگر کسی عورت کو ڈرخوف لگتا ہے خواہ وہ کسی بھی وجہ سے ہو یعنی آسیبی اثرات ہوں یا ویسے ہی ڈرخوف لگتا ہو صرف ایک نقش لکھ کر اس کے گلے میں ڈال دیں کیسا ہی ڈرخوف کیوں نہ ہو انشاءاللہ اس نقش کی برکت سے بالکل ختم ہو جائے گا۔

بچوں کا بلاوجہ رونا / ڈرنا

اگر کوئی بچہ زیادہ روتا ہو یا ڈرتا ہو تو یہ نقش لکھ کر اس کے گلے میں ڈال دیں انشاءاللہ بچے کا رونا ڈرنا موقوف ہو جائے۔

نظر بد

بعض بچے نظر بد کا شکار ہو جاتے ہیں لہذا اس سے بچے کو محفوظ رکھنے کے لیے یہ نقش لکھ کر اس کے گلے میں ڈال دیں انشاءاللہ بچہ ہمیشہ کے لیے نظر بد سے محفوظ ہو جائے گا۔

لیکوریا

اگرکسی خاتون کو لیکوریا کی شکایات ہو تو یہ نقش لکھ کر کمر کے ساتھ باندھ دیں اور سات عدد نقوش ایک نقش تین یوم روزانہ تین وقت مسلسل اکیس یوم پئیں انشاءاللہ لیکوریا سے نجات ملے گی۔ نقش کے نیچے یہ عبارت لکھیں

"بستم لیکوریا فلاں بنت فلاں لیکوریا بند ہوا بدا"

آج کل کے پُرفتن دور میں جب کے حسد اور جلن عام اور جادو ٹونہ عام درعام ہو گیا ہے اس سے کسی بھی شخص کی جان و مال اور عزت آبرو محفوظ نہیں ہے ایسے حالات میں ضروری ہے کہ ہر شخص پہلے سے اپنی حفاظت کی فکر کرے اس کا طریقہ یہ ہے کہ ایک نقش تحریر کر کے اپنے پاس رکھے اور ایک نقش فریم کر کے اپنے گھر میں آویزاں کر دیں۔ انشاءاللہ آپ اور آپ کا مکان جادو سحر اور آسیبی اثرات اور بندش سے محفوظ رہے گا۔

انتباہ

اگر آپ آسیبی مریضہ ہیں اور خون حیض جاری ہے تو مغرب کے وقت کھلے آسمان کے نیچے ہر گز نہ نکلیں ورنہ یہ تکلیف بڑھ جائے گی۔

عمل حُب

بلال نظامی

آج ایک نئے عمل کے ساتھ ہم اپکی خدمت میں حاضر ہوئے ہیں دوستوں آج ہم آپکے لئے ایک ایسا عمل لے کر آئے ہیں جس سے آپ کا محبوب چاہے دنیا کے جس کونے میں بھی ہو گا آپ کے پاس دوڑتا ہوا آئے گا یہ میرا چیلنج ہے آج کا یہ عمل سو فیصد کامیاب عمل ہے آپ خود بھی کر کے یہ عمل آزما سکتے ہو اس کے لیے آپ کو کرنا کیا ہو گا یہ بھی میں آپکو بتانے جا رہا ہوں طریقہ عمل یہ جو آپ کو نقش دیکھائی دے رہا ہے آپ نے اس طرح کا ایک نقش بنا لینا ہے اور ایک اہم بات اس نقش پر آپ نے کسی قسم کا کوئی نام نہیں لکھنا ٹھیک ہے اور دوسری بات آپ نے اس نقش کو تین دن تک آگ میں جلاتے رہنا ہے دل میں محبوب کا نام تصور کر کے حقیقت مانو تین دن کے اندر وہ چاہے دنیا کے جس کونے میں بھی ہو گا آپ کے پاس دوڑتا ہوا آئے گا آپ یہ عمل اپنے شوہر یا بیوی کے لئے بھی کر سکتے ہو اور کوئی بھی عمل ہماری اجازت کے بغیر نہیں کر سکو گے آپ کو سب سے پہلے ہم سے اجازت لینی پڑے گی۔

نقش یہ ہے:

۸	۳	۴	فلاں بن فلاں	۶	۷	۳
۱	۵	۹	علیٰ حب	۱	۵	۹
۶	۷	۲	فلاں بنت فلاں	۸	۲	۴

پریشان ہونے کی ضرورت نہیں

آپ روحانی علوم کی تعلیم حاصل کر کے ہزاروں روپے ماہوار کما سکتے ہیں!

مخفی علوم سیکھیے

روحانی اکیڈمی

ادارہ مقیاس الروحانیات
برصغیر پاک و ہند کا واحد ادارہ

آیئے قدم بڑھائیے اور ہمارے ساتھ مل کر روحانی علوم کی تعلیم حاصل کریں اور لوگوں کو صحیح رہنمائی بھی دیں۔

عوام کو مخفی علوم سیکھنے کا بے حد شوق ہوتا ہے لیکن صحیح رہنمائی نہ ہونے کی صورت میں وہ دربدر کی ٹھوکریں کھاتے ہیں۔ بلکہ بعض تو اکثر لوگوں کو غلط رہنمائی کی صورت میں رجعت ہو جاتی ہے اور وہ لاعلاج روحانی بیماریوں کے مریض بن جاتے ہیں لہٰذا ان باتوں کو زیر نظر رکھتے ہوئے اِس راہ کے عظیم خدمت گار اور محقق **پیر اویس جعفری** (ماہر روحانیات) نے ایک روحانی اکیڈمی کا بیڑا اُٹھایا ہے اور لوگوں کو صحیح رہنمائی بھی مہیا کر رہے ہیں۔

ادارہ مقیاس الروحانیات میں ماہر اساتذہ کی زیر سرپرستی روحانی علوم کی مکمل تعلیم اور مناسب عملی تربیت کا معقول انتظام ہے۔ روحانیت کے شائقین خواتین و حضرات روحانی فنون سیکھ کر شہرت و عزت اور دولت حاصل کر کے باوقار زندگی گزار سکتے ہیں۔

ادارہ مقیاس الروحانیات مقصود منزل جناح ٹاؤن بنگلہ روڈ تحصیل ہارون آباد ضلع بہاولنگر

نظر بندی کا عمل انقلاب

پیر اویس جعفری
(ماہر روحانیات)

فقیری سے بادشاہی اور بادشاہی سے فقیری ۔۔۔ برسوں کے حالات پر محیط نایاب سفلی عمل

"نظر بندی کے عملیات کا عامل دن کو رات اور رات کو دن میں تبدیل کرنے، خزاں کو بہار اور موسم سرما کو گرما میں ۔ انسانی جنس تبدیل کر کے مرد کو عورت اور عورت کو مرد بنا سکتا ہے ۔ حیوانات کو دوسری نوع میں بدل سکتا ہے ۔ دنیا بھر کے ممالک کی چشم زدن میں سیر کرا سکتا ہے ۔ اپنے ارادے کی قوت سے زمین کی گہرائی معلوم کر سکتا ہے اور جو منا ظر چاہے حاضرین کے سامنے پیش کر سکتا ہے" ۔

نظر بندی کا ایک ایسا ہی عمل ہے جیسے میں اپنے مجربات سے بیان کر رہا ہوں عمل انقلاب کے نام سے مشہور ہے ۔ اس عمل کی بنیاد عامل کی قوت ارادی اور نظر فریبی کے عمل پر ہے ۔

عامل حاضرین کے سامنے چند ایک نا قابل فہم الفاظ وحروف کی عبادت کو چند ایک بار دہراتا ہے اور حاضرین کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر چند ساعتیں بغور دیکھنے اور عمل کی عبارت تلاوت کرنے میں مصروف رہتا ہے ۔ اچانک ماحول پر سکون اور انجانی سی چھا جاتی ہے ۔ آپ ایک گاؤں کے باسی ہیں جس میں آپ اپنے خاندان کے ساتھ مُدتوں سے رہتے چلے آ رہے ہیں ۔ آپ کا تعلق ایک غریب وقلاش خاندان سے ہے آپ کا ذریعہ معاش جنگل سے لکڑیاں کاٹ کر لانا ہے اور انہیں فروخت کر کے اپنا اور اپنے بیوی بچوں کا پیٹ پالنا ہے ۔

حسب معمول آج بھی آپ علی الصبح اپنا کلہاڑا کاندھے پر رکھے جنگل سے لکڑیاں کاٹنے کے لیے چل کھڑے ہوئے ہیں ۔ ان دنوں موسم گرما زوروں پر ہے آپ جنگل میں پہنچ کر لکڑیاں کاٹنے میں مصروف ہو جاتے ہیں لکڑیاں کاٹتے کاٹتے تھک ہار کر سُستانے کے لیے آپ قریب ہی بہتی ہوئی ندی کنارے جا بیٹھتے ہیں اور ٹھنڈک حاصل کرنے کے لئے کپڑے اُتار کر ندی میں جا کودتے ہیں ۔ کچھ دیر بعد جب آپ نہا دھو کر ندی سے باہر نکلتے ہیں تو یہ دیکھ کر حیران و ششدر رہ جاتے ہیں کہ نہ تو کنارے پر وہ پھٹا پُرانا لباس ہے اور نہ ہی جنگل کا وہ ماحول ہے جس میں آپ لکڑیاں کاٹنے آئے تھے بلکہ بوسیدہ لباس کی جگہ نہایت بیش قیمت شاہانہ لباس موجود ہے اور جنگل کسی اجنبی علاقہ میں ہو چکا ہے کچھ دیر بعد آپ مجبوراً تن ڈھانپنے کے لیے وہ شاہی لباس زیب تن کر لیتے ہیں اور ندی سے ہٹ کر اپنے نئے ماحول کو جاننے کے لیے ایک طرف چل پڑتے ہیں ۔ ابھی آپ چند ہی قدم چلے ہوں گے کہ دور سے لوگوں کا ہجوم تیزی سے آپ کی طرف بڑھتا ہوا دکھائی دیتا ہے آپ ان تبدیلی حالات پر حیران ہی ہو رہے ہیں کہ اُن لوگوں کا جم غفیر آپ کو چاروں طرف سے گھیر لیتا ہے ان میں سے ایک باوقار آدمی آگے بڑھ کر آپ کے سر پر ایک بیش قیمت زرو جواہر سے مرصع تاج رکھ دیتا ہے اور آپ کو خوشخبری سناتا ہے کہ آج کے بعد آپ ہمارے مرحوم بادشاہ

کی وصیت کے مطابق ہمارے ملک کے سیاہ وسفید کے مالک اور حکومت کے تاجدار ہیں۔اس اچانک اور ناقابل فہم واقعہ پر غور وفکر کرنے کاوقت ہی نہیں ملتا کہ آپ ان لوگوں کے جلو میں شہر کے اندر داخل ہوتے ہیں جہاں تمام ملک کی رعایا آپ کے استقبال کے لیے امڈ پڑی ہے اوراس جگہ آپکو بتایا جاتا ہے۔

ہمارے ملک کے رواج کے مطابق بادشاہ کی موت کے بعد دوسرے دن جو شخص سب سے پہلے ہمارے ملک کی حدود میں داخل ہوا سے اس ملک کا بادشاہ چن لیا جاتا ہے اور یہ بات بھی آپ کے علم میں آتی ہے کہ جس شخص نے آپ کے سر پر تاج رکھا تھا وہ آپ کا وزیر اور مشیر ہے آپ گذشتہ پیش آنے والے زندگی کے حالات وواقعات کو یکسر فراموش کر دیتے ہیں شاہی محل میں آپ اپنی ملکہ معظمہ کے ساتھ زندگی کے دن بڑی عزت ووقار کے ساتھ گزار رہے ہیں ملک کی رعایا آپ کے دور میں خوشحال، انتظامِ سلطنت مضبوط اورآپ کے عدل وانصاف کا ہر جگہ دورونزدیک چرچہ ہے۔حسب عادت آج صبح ہی آپ وزیروں، مشیروں اوراپنے اعلیٰ فوجی وشہری دوستوں اورنوکروں کے ہمراہ جنگل میں شکار کھیلنے کے لیے روانہ ہوتے ہیں جنگل میں پہنچ کر آپ شکار کھیلنے میں مصروف ہوجاتے ہیں اچانک آپ کے سامنے سے درختوں کے جُھنڈ میں سے ایک خوبصورت ہرن نکل کر بھاگ نکلتا ہے آپ اپنے ساتھیوں کو چھوڑ کر اس ہرن کے تعاقب میں ہو لیتے ہیں بہت دورتک ہرن کا پیچھا کرنے کے بعد انجام کار وہ ہرن آپ کی نظروں سے اوجھل ہوجاتا ہے اور آپ تھک ہار کر اپنی پیاس بجھانے کے لیے قریب ہی بہتی ہوئی ندی پر چلے جاتے ہیں ندی سے پیاس بجھانے کے بعد آپ کپڑے اتار کر ندی میں نہانے کے لیے اتر پڑتے ہیں اور جب نہانے کے بعد ندی سے باہر نکل آتے ہیں تو یہ دیکھ کر آپ کی حیرانی وپریشانی کی کوئی حد نہیں رہتی کہ وہاں کا ماحول تبدیل ہو چکا ہوتا ہے نہ ہی وہ علاقہ ہے نہ ہی وہ شخصیت شاہانہ لباس کی جگہ ایک بوسیدہ سالباس اورلکڑیاں کاٹنے کا کلہاڑا ندی کے کنارے پڑا ہے آپ بادل ناخواستہ وہی پرانہ لباس پہن کر نئے پیش آنے والے حالات کو سمجھنے کی کوشش بھی نہیں کر پاتے کہ یہ ماحول بھی تبدیل ہوجاتا ہے یہ ندی، نہ جنگل، نہ موسم گرما اور نہ ہی آپ کا مزدوروں والالباس، نہ لکڑیاں کاٹنے والا کلہاڑا اور نہ کوئی دوسرا سامان سب کا سب منظر خواب بن جاتا ہے آپ نہایت آرام دہ ماحول میں دوسرے لوگوں کے ساتھ طلسماتی مظاہرہ دیکھ رہیں ہیں اور عامل آپ کو بتارہا ہے کہ سب کچھ طلسماتی عمل کا کرشمہ ہے جس میں عامل میں اپنی قوت ارادی سے حاضرین کے سامنے اس منظر کو پیش کیا جس میں ہر شخص اس منظر (خواب نما) کا بنیادی کردار تھا۔

میں نے اس عمل کا سینکڑوں مرتبہ مظاہرہ کیا ہے۔اس عمل میں محض نظر بندی کی قوت سے عامل اس منظر کو حاضرین کے سامنے پیش کرسکتا ہے۔چاہے کہ جو شخص اس عمل کا عامل بننا چاہے اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ مضبوط قوت ارادی کا مالک ہو نیک دل اور عمدہ خصائص وعادات کا حامل ہو عمل کے دوران باطہارت رہے اور احکامات شرعی کا پابند بنے۔

ترکیب

عمل کے لیے علیحدہ اور مخصوص کمرے کا انتخاب کرے عروج ماہ نو چندی اتوار سے عمل شروع کریں عمل کو روزانہ 111 مرتبہ گیارہ یوم تک بجا لائے عمل کے لیے ایک ہی وقت کا مقرر کر لینا ضروری ہے عمل کے وقت سفید لباس زیب تن کریں اور اگر بتی جلائیں۔

عمل کے آخری روز زبردست آندھی، خوف ناک زلزلے اور دل دہلا دینے والے مناظر نظر آئیں گے جس سے خوف زدہ ہونے کی ضرورت نہیں عامل دل کو مضبوط رکھے اور عمل کو تمام کرے عمل کے اختتام سے کچھ دیر قبل زبردست قسم کا شور وغل اور چاروں طرف دھندلا سا منظر پیدا ہو جائے گا جس میں مہیب دھوئیں کے بادل اور خاک وخون کے دریا بہتے نظر آئیں گے اور اس عمل کے موکلات صف باندھے عامل کے سامنے نہایت ادب واحترام سے حاضر ہوں گے اور عامل سے اس کا مطلب دریافت کریں گے۔

عامل بلا خوف وخطر اپنا مقصد بیان کرے اور اُن کو حکم دے کہ جب وہ حاضرین کے سامنے جو منظر پیش کرنا چاہے تو اُسکے حکم کی تعمیل عامل کا ارادہ کے مطابق جو منظر چاہے حاضرین کے سامنے پیش کریں گے۔ عامل موکلات سے عہد وپیمان کے بعد اُنہیں آزاد کر دے اور پھر جب ضرورت ہو چند مرتبہ عبارت عمل پڑھ کر موکلات کو حکم لگائے جو منظر مریض کو دکھانا چاہے گا موکلات فوراً حکم کی تعمیل کریں گے۔

عمل یہ ہے:

يَاظُبَادِيْشِ يَاقَلِطِيَاشِ يَاغَلِطَيَاشِ يَانُوْرَ النُّوْرِ وَيَامُدَبِّرُ الْاُمُوْرِ اُحضُرُوا اِلٰى لِهٰذَا السَّاعَتِهٖ وَنَشَرَّ الرِّيَاحُ بِاَمِرِهٖ يَامَلَائِكَةُ الزَّمَنِ وَالسَّاعَةِ اَطِيْعُوْانِیْ وَبَيِّنُوْا لِلنَّاسِ كُلَّمَا مَا سَئَلنِیْ وَمَا طَلَبَنِیْ مِنِّیْ بِخَلَقَ الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ وَبِاِخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَاِمْتَلَاءِ الصَّيفِ وَالشَّتَّاءِ وَبِهَيَةِ الْجِهَاتِ مِنْ اَسْمَائِهَا كُلٌّ بِالْقُوَّةِ الْقَوِيِّ وَالْاَمرِ الْجَلِّیِّ وَالْحُكْمُ الْمُتَوَّیِ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ كَتَبَ عَلٰى لَوْحِ الْقَضِّیِ يَمْحُوا اللهُ مَا يَشَاءُ وَيُثَبِّتُ وَعِنْدَهٗ اُمُّ الْكِتَابِ يَاقَبَاوِيْظُ مِنْ اَمَانِی الْمَجِيْدِ وَالْعُقُوْلِ الْحَمِيْدِ بِحَقِّ مَا تَلَوْتُهٗ عَلَيْكُمْ وَيُظْهِرُ مَا كُلِّ بِهَا دَعْوَتُ وَكُلِ شَیْئٍ اَحْصَيْنٰهُ فِیْ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ يَاَنْبَاشِ ضَمَا كَرَهٗ كَلْشَنَادُوْشِ بِهَارَاحَانِيْطٌ نُمَا شِيُفٌ بِهَا الْحُكْمُ وَالنَّوَاتُ يَا شَرَاسِيْفُ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ يَانَاقُوْسِ الظِّلِّ وَالْحُرُوْرِ وَيَا صَاحِبُ الْكَافِ وَالطُّوْرِ بِحَقِ وَاجْعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ، صُمٌّ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ

یہ بات دلچسپی سے خالی نہیں میں نے خود بھی اس عمل کو آزمایا ہے اور تجربہ کے بعد درست پایا ہے اور میری طرف سے ہر شخص کو اجازت ہے کہ وہ اس عمل کا عامل بن کر اس عمل کو آزمائے اور حقیقتِ طلسمات وروحانیات کا کھلی آنکھوں سے زندہ اور جاوید کرشمہ ملاحظہ فرمائیں۔

شرف قمر

ملک مزمل نواز اعوان

قارئین شرف قمر ہر قمری مہینے میں ایک مرتبہ ضرور ہوتا ہے یہ بہت ہی مبارک اور نیک وقت ہوتا ہے۔اس وقت ہر نیک مقصد میں کامیابی کیلئے عملیات وغیرہ تیار کئے جاتے ہیں۔خصوصاً حصول علم،حصول اولاد،نصیب کشائی اور زراعت و باغات کی ترقی وغیرہ کیلئے۔اپنے آج کے مضمون میں،میں نصیب کشائی کا ایک شاہکار عمل پیش کر رہا ہوں جو اپنی مثال آپ ہے اور یقیناً آپ کو کسی طبع شدہ کتاب میں نہیں ملے گا۔اگر آپ نے یقین کامل اور مکمل شرائط کیساتھ اس عمل کو تیار کیا تو اس کا کرشمہ آپ خود اپنی آنکھوں سے دیکھیں گے۔آج کے دور میں ایک المیہ یہ ہے کہ غریب گھرانے کی لڑکیوں کے رشتے نہیں آتے یا اگر آتے بھی ہیں تو لڑکے والوں کی شرائط اتنی سخت ہوتی ہیں کہ لڑکی کے والدین ان کو پورا نہیں کر سکتے یا پھر شکل وصورت ظاہری کا مسئلہ پیدا ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے لڑکیوں کی اکثریت کی عمر ڈھلنے لگتی ہے اور والدین کو بھی اندر ہی اندر دیمک لگ جاتی ہے یہی ایک آدھ مسئلہ نہیں ہے بلکہ اس کے علاوہ بھی کئی مسئلے ہیں یعنی جادو ٹونے،تعویز گنڈوں وغیرہ سے بندش کی جاتی ہے۔جس کی وجہ سے اچھے بھلوں کے رشتے بھی نہیں آتے۔میں آج کی محفل میں جو عمل پیش کر رہا ہوں وہ ہر طرح کی مشکل میں کارگر ہے چاہے بندش غربت کی وجہ سے ظاہری شکل و صورت یا جادو ٹونے کی وجہ سے ہو ہر طرح کی بندش کا تیر بہدف توڑ کرتا ہے۔میں اس کی زیادہ تعریف نہیں کرونگا جو تجربہ کریگا وہی اس قرآنی عمل کی کرشمہ سازیاں دیکھے گا عمل یہ ہے۔

اسماء الحسنیٰ میں سے دو اسمائے الٰہی یعنی یا فتاح اور یا قادر اس عمل میں کام آتے ہیں یہ عمل انہی اسماء کا ہے طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے نام طالب معہ والدہ کے اعداد قمری میں جمع کریں اور قانون کے مطابق ایک مثلث بنائیں بعدہ تیاری مثلث اسماء کو بسط حرفی کرلیں اور دوسری سطر میں نام طالب مع والدہ کو بسط حرفی کریں اب تیسری سطر میں ان دونوں سطروں کو آپس میں امتزاج دیں۔امتزاج شدہ سطر کے تمام حروف کو نقش کے چاروں طرف لکھ دیں اور نیچے یہ عبارت لکھیں"یا الٰہی فلاں بن فلاں کی بخت کشائی فرما بحرمت سید الابرار"اب اس طرح کے دو نقش مزید تیار کریں یعنی کل تین نقش شرف قمر میں تیار کریں ایک طالب اپنے گلے میں ڈالے دوسرے کو آگ میں دفن کر دیں اور تیسرے کو کھلا رہنے دیں۔اب حامل نقش روزانہ مقررہ وقت پر مندرجہ بالا اسماء کو اس طرح اپنے نام کے اعداد کے مطابق یا 860 مرتبہ ورد کرے (اللہ فتاح القادر) اول آخر درود گیارہ گیارہ مرتبہ بوقت ورد تیسرے نقش کو اپنے سامنے رکھیں اور بعدہ ورد دعا مانگ کر نقش کو قرآن پاک میں رکھ دیں چالیس دن تک یہ عمل جاری رکھیں اور اقدامات خدا اور اسماء الحسنیٰ کی برکت ملاحظہ فرمائیں۔اب میں آپ کی آسانی کیلئے ایک مثال پیش کرتا ہوں۔

اسم الحسنیٰ	یا فتاح یا قادر	اعداد قمری	794
نام طالب	شازیہ بنت فاطمہ	اعداد قمری	458

ان دونوں کا مجموعہ 1252 قانون کے عدد نفی کئے 12 اور باقی 1240 رہے۔اب 1240 کا نقش مثلث پر کیا چونکہ تقسیم کرنے سے ایک باقی بچا ہے اس لئے کسر خانہ سات میں ہوگی۔1240 / 3=413۔باقی بچا 1 امتزاج کیلئے بسط حرفی کیا۔

اسمائے حسنیٰ: ف ت اح ق ا در نام طالب: ش ا ز ی ہ ف ا ط م ہ

امتزاج دینے سے: ف ش ت ا از ح ی ق ہ اف دا ر ط ف م ت ہ

نقش اس طرح بنے گا:

ف ش ت ا ا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

۴۲۱	۴۱۳	۴۱۸
۴۱۵	۴۱۷	۴۲۰
۴۱۶	۴۲۲	۴۱۴

عزرائیل اسرافیل حمعسق کھیعص

ز ح ی ق ہ ا ف د ا ر ط

ا ف م ت ہ

یا الٰہی شازیہ بنت فاطمہ کی بخت کشائی فرما

بحق سید الابرارؐ

یہ نقش شازیہ بنت فاطمہ کے لیے تیار ہے۔حسب قاعدہ ہر شخص اس سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

ادارہ عالیہ مقیاس الروحانیات کے قیام کا مقصد

ادارہ مقیاس الروحانیات کے قیام کا مقصد علوم مخفیات و روحانیات کی تحقیقات و تعلیمات ہے تاکہ ہمارے اسلاف کا یہ مقدس ورثہ ضائع ہونے سے بچایا جاسکے۔ تاریخ طلسمات سے پتہ چلتا ہے کہ ان علوم روحانیہ کے زوال و انحطاط کا بنیادی سبب اس فن کے وہ نام نہاد عامل حضرات ہیں جو مجربات آزمائی میں صحیح و غلط کے درمیان تمیز کرنے سے عاجز تھے اور سی چیز نے عوام کو ان علوم کی صداقت سے بدظن کر دیا۔ فن کی تکمیل میں جہاں ناتجربہ کاری سدراہ ثابت ہوئی وہاں یہ امر سب سے زیادہ تکلیف دہ ہے کہ اس کے اشاعتی ذرائع بہت محدود ہیں اور جو موجود ہیں وہ بالغ نظر اور ہنر شناس اہل فن کی عدم توجہ، بخل و حسد، تنگدستی و امساک اور بے التفاقی کا شکار ہیں۔ چنانچہ ادارہ مقیاس الروحانیات علوم طلسمات و روحانیات کو متعارف کرانے، فن اور علمائے فن کی علمی و تجرباتی خدمات کر کے علوم روحانیہ کو مادی علوم کے مقابلہ میں لانے اور روحانیت کے بلند ترین مقام کو واضح کرنے، صدیوں سے پوشیدہ نادر و نایاب اور کامیاب و بے خطا مجربات کی تعلیمات و اشاعت کا آغاز کر رہا ہے۔ ادارہ مقیاس الروحانیات کی رکنیت کا باقاعدہ سلسلہ شروع کیا جا چکا ہے۔ آپ بھی ادارہ کی رکنیت اختیار کر کے علوم مخفیات کی ترویج و ترقی کے لئے ہمارے ساتھ شامل ہو سکتے ہیں

شائقین حضرات کے لئے تجرباتی تربیت کا معقول انتظام ہے۔

اشاعت علم

ہم سب کا فرض ہے اس لیے معزز قارئین سے گزارش ہے کہ آپ ہمارا ساتھ دیں اور ماہنامہ روحانی وجدان کو اپنے حلقہ احباب میں زیادہ سے زیادہ متعارف کروائیں اور خود بھی مستقل قاری بنیں اور دوسروں کو بھی ترغیب دیں آپ ہمیں اپنے دوست احباب کے نمبر Whats App کریں ہم نمونہ کے طور پر انہیں چند ماہ مفت رسالہ pdf فائل ارسال کریں گے۔

ادارہ مقیاس الروحانیات 0333-2424103

متوجہ ہوں

اہل قلم ذوق و شوق خواتین و حضرات کے لیے ماہنامہ روحانی وجدان کے صفحات حاضر خدمت ہیں اگر آپ نے کوئی نقش، وظیفہ یا عمل آزمایا ہو اور اپنے نتیجہ و ثمرات میں صدفی صد بار آور ثابت ہوا ہو تو ماہنامہ روحانی وجدان کی وساطت سے اس فیض کو فیض عام کریں۔ جو کہ مخلوق خدا کی بھلائی کا سبب ہو اور آپ کے لیے صدقہ جاریہ۔

ہمیں لکھیں ہم اشاعت کریں گے

ادارہ مقیاس الروحانیات مقصود منزل جناح ٹاؤن بنگلہ روڈ تحصیل ہارون آباد ضلع بہاولنگر

تسخیر چندا جوگنی

زیر ترتیب کتاب "استحضار الارواح" سے اقتباس

پیر اویس جعفری (ماہر روحانیات)

ھندی دیومالا میں دیوی، دیوتا، یکشنی، اپسراء، جوگنی اور بیر کے اعمال کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ چونکہ سفلی ارواح تھوڑی سی محنت سے مسخر ہوجاتی ہیں اس لیئے شائقین فن نوری موکلات کی بجائے سفلی ارواح کی تسخیر میں زیادہ سرگرداں نظر آتے ہیں۔ ایک بہت خاص دوست کی پُر زور فرمائش پر یہ عمل اس روحانی جریدے کی زینت بنا رہا ہوں۔ عمل ھذا میرے بے تکلف دوست کیپٹن رائے بہادر (مرحوم) کا عطیہ ہے۔ عمل ھذا بلاشبہ صحیح و مجرب ہے موصوف از خود اس عمل کے عامل تھے۔ میں خود اس عمل کے کرشمات کا مداح ہوں۔ یہ عمل رائے بہادر (مرحوم) کی زیرِ نگرانی میں نے خود کیا تھا۔ الحمدللہ کامیابی کے بعد کچھ عرصہ کام لیا لیکن جلد ہی اس عمل کو چھوڑ دیا۔

چندا جوکہ ایک جوگنی ہے، دنیا کا ہر کام پل بھر میں کرتی ہے۔ قد تقریباً چھ فٹ، تیکھے نین نقش، نہایت حسین و جمیل اور خوبصورت ہے۔ سرخ و سفید رنگ ہے۔ زیادہ تر سنہری لباس زیب تن کرتی ہے۔ سونا و چاندی کے بیش بہا قیمتی زیورات سے آراستہ ہوتی ہے۔ آناً فاناً میں کام کرتی ہے۔ حُب و بغض، دشمن کی تباہی و بربادی، گریختہ کی واپسی، مقدمہ میں فتح یابی، جادو و بندش کی کاٹ، بیماری کا علاج، خشک میوہ جات اور بے موسمے پھلوں کی حاضری کا کام فوراً کرتی ہے۔ ھمہ تن آپ کے حکم کی منتظر رہا کرے گی۔

چندا جوگنی کو تسخیر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ نوچندی منگل یا ہفتہ سے عمل کا آغاز کریں۔ عمل کے لیئے علیحدہ کمرے کا انتخاب کریں۔ پھر رات کو 12 بجے شمال کی سمت منہ کر کے بیٹھیں اور اپنے سامنے گھی کا ایک چراغ روشن کریں۔ پڑھائی کے دوران آپ کی نظر چراغ پر رہے۔ اپنے سامنے سیندور، گیندے کے پھول، سرخ چوڑیاں اور سات رنگ کی مٹھائی رکھیں۔ چراغ کی لَو پر نظر جماتے ہوئے کامل یکسوئی کے ساتھ عبارتِ عمل کو 108 کی 3 مالا جاپ کریں تعداد مکمل ہونے پر چراغ بجھا دیں اور کسی سے گفتگو کیئے بغیر وہیں سو جائیں۔ کُل 21 یوم کا عمل ہے۔ اکیس یوم تک اسی طرح بلاناغہ پڑھائی جاری رکھیں، تعداد میں کمی و بیشی ہرگز نہ ہو ورنہ عمل فاسد ہو جائے گا۔

تیسرے یا پانچویں یوم سے عمل کے اثرات شروع ہو جائیں گے۔ آپ کا سر بھاری اور کندھے وزنی رہنا شروع ہو جائیں گے۔ عمل کے دوران ناچ گانا کرتی برہنہ خواتین کا گروہ نظر آئے گا، وہ آپ کو اپنی طرف بُلانے اور متوجہ کرنے کی ہر ممکن کوشش کریں گی لیکن آپ دھیان نہ دیں۔ بعض اوقات چھت پر دوڑنے کی آوازیں زور زور سے آئیں گی۔ کبھی کبھار خوفناک اشکال کا ظہور بھی ہوا کرے گا۔ لیکن آپ ہرگز خوف نہ کریں اور نہ ہی ان کی کسی بات کا جواب دیں کیونکہ یہ سب نظروں کا دھوکہ ہوگا۔ حقیقت سے ان سب مناظر کا دور دور تک کوئی واسطہ نہ ہوگا۔ آخری یوم جب آپ کے عمل کی تعداد پوری ہوگی تو چندا جوگنی بلاتوقف آپ کے سامنے پیلے رنگ کی ساڑھی اور زیورات پہنے حاضر ہوگی آپ اُسے خوش آمدید کہیں اور اس کی خیریت دریافت کریں۔

پھر آپ اس سے تمام عہد و پیمان کریں، نشانی ضرور لیں اور طریقہ حاضری بھی دریافت کریں۔ جو بھی مشکل ترین کام ہو کہہ دیں پلک جھپکنے میں حکم کی تعمیل کرے گی۔ میں نے مکمل تفصیل بلا بخل آپ تک پہنچا دی ہے، گو کہ یہ ایک سفلی عمل ہے لیکن اس کے کرنے سے خدانخواستہ نماز و دین اسلام و دیگر اسلامی ارکان کی تکمیل پر کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ یعنی بعد از تسخیر جوگنی آپ کو نماز، روزہ اور دیگر اسلامی ارکان کو پورا کرنے سے ہرگز نہ روکے گی۔ جیسے کہ دیگر سفلی و نادیدہ ارواح مسخر ہونے کے بعد روکتی و پریشان کرتی ہیں۔ یہ بھی اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہے، کیونکہ ساری کائنات کو اللہ نے پیدا کیا ہے اور اللہ نے انسان کو اشرف المخلوقات پیدا کیا ہے۔ اور سفلی ارواح کو مسخر کرنے کے لیئے ہمارا مسلمان ہونا ہی کافی ہے۔ میں نے ہر بات واضح طور پر لکھ دی ہے، مزید راہنمائی کے لیئے جوابی لفافہ کے ہمراہ خط لکھیں۔

عمل یہ ہے: اَوٗ جَھٹ اَوٗ جَھٹ چَندَا بَانِی بَاگ بَاندَانِی ھَن ھَن دَہ دَہ پَٹ سَوَاھَا۔

شہزادی دولی

پیر محمد سرور نوشاہی

سحر و جادو کو عرف عام میں کالا علم کہتے ہیں اب عوام نے کالا پیلا اور لال سرخ قسم کے جادو نکال لئے ہیں۔ قرآن مجید اور احادیث میں سحر و جادو پر متعدد ارشادات موجود ہیں چنانچہ فرعون کے دور میں جادو اپنے عروج پر تھا اور فرعونی جادوگروں نے لاٹھیوں اور رسیوں کے سانپ بنا دیئے تھے حضرت موسیٰ کلیم اللہؑ کا عصا بحکم الٰہی ثربان عظیم (بڑا اژدھا) بن کر جادوگروں کے سانپوں کو ہڑپ کر کے ان کے طلسم باطل کو توڑ گیا۔

سامری جادوگر نے بھی سونے کا بچھڑا بنا کر حضرت جبرائیلؑ کے قدموں کی مٹی اُس کے منہ پر مل دی تھی جس سے وہ مختلف آوازیں نکالتا تھا اور اُس نے لوگوں سے کہا کہ یہ بولتا بچھڑا تمہارا اور حضرت موسیٰؑ کا خدا ہے حضرت سلیمان حشمت اللہؑ نے اپنے زمانے میں تمام جادوگروں کے سامان کو (جس میں انسانی کھوپڑیاں، ہڈیاں، مرگھٹ کی راکھ، سیہہ کے تکلے اور اُلو وغیرہ چیزیں شامل تھیں) گڑھا کھدوا کر دفن کروا دیا تھا۔ آپؑ کے وصال کے بعد بعض بڑے اور بوڑھے جادوگروں نے ازراہ طنز آپ کی امت کے مومنوں کو کہا کہ آپ کے نبی حضرت سلیمانؑ بھی جادو کے زور سے جنوں، پریوں، درندوں اور پرندوں وغیرہ پر حکومت کرتے تھے۔ اس کے ثبوت کے لیے آپؑ کے تخت کے نیچے سے زمین کھدوا کر وہ چیزیں نکال دکھائیں۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا: کہ حضرت سلیمانؑ نے (جادو کر کے) کفر نہیں کیا بلکہ شیطانوں نے کفر کیا ہے۔ کہ وہ لوگوں کو جادو سکھاتے تھے دوسری جگہ ارشاد ہے کہ بابل شہر میں دو فرشتے ہاروت و ماروت نامی اتارے گئے جو لوگوں کو جادو سکھاتے تھے اور جادو سکھانے سے پہلے اُنہیں کہہ دیتے تھے کہ ہم تمہاری آزمائش کے لیے نازل ہوئے ہیں جادو سیکھ کر کافر نہ بنو۔ یہ بھی یاد رہے کہ جادو کسی کو فائدہ نہیں پہنچا سکتا اس میں ضرر ہی ضرر یعنی فریقین یا میاں بیوی میں دشمنی ڈالنا کسی کا کاروبار بند کرنا، گائے بھینس کا دودھ باندھ دینا، کسی کا پتلا بنا کر یا ہانڈیا چڑھا کر ہلاک کرنا۔ قرآن مجید کی دو سورتیں معوذتین کا شان نزول ہی یہی ہے کہ سرورِ کائنات حضرت ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر لبید بن عاصم کوفی یہودی نے سرداران قریش سے بھاری معاوضہ کی عوض جادو کیا تھا۔

وحی الٰہی کے مطابق آپ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ذریعے غیر آباد کنویں میں دفن شدہ جادو کی اشیاء نکلوائی تھیں جس میں کنگھی کے شکستہ دندانے، کھجور کی گھٹلی، آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے سر کا بال مبارک (جس کو گیارہ گرہیں لگائیں ہوئی تھیں) اور ایک پتلا (جس میں گیارہ سوئیاں چبھوئیں ہوئی تھیں) تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے بال مبارک کی گرہیں نہیں کھلتی تھیں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر قرآن مجید کی آخری دو سورتیں معوذتین نازل ہوئیں آپ ایک ایک آیت پڑھ کر ایک ایک گرہ پر دم کرتے فوراً گرہ کھل جاتی اسی طرح گیارہ آیات پڑھنے سے گیارہ گرہیں کھل گئیں اور اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے گیارہ آیات پڑھ کر پتلے سے گیارہ سوئیاں نکال دیں کیونکہ معوذتین کی کل آیات گیارہ ہیں۔

میں جادو کرنے کروانے کے حق میں ہر گز نہیں ہوں صرف قارئین کی معلومات کے لیے کالے کلوے کا عمل جس میں جنوں کی شہزادی دولی حاضر ہوتی ہے ۔تفنن طبع کے لیے روحانی وجدان میں شائع کرا رہا ہوں مجھے یہ عمل جناب حکیم سید محمد شفیع گیلانی مالک مدینہ شفاء خانہ فیصل آباد سے ملا ہے جن کا کہنا ہے کہ یہ عمل اُنہیں عیسائی عامل سے ملا تھا حکیم صاحب کا کہنا ہے کہ گیارہ روز تک باوضو رہنا ضروری ہے اور موصوف تو روزہ بھی رکھتے تھے ۔گوشت ،انڈا ،مچھلی ،لہسن ،پیاز ،مولی ،سگریٹ اور بدبو دار اشیاء سے مکمل پرہیز کرتے تھے ۔حکیم موصوف روزانہ بعد از نماز عشاء تخت پوش پر الگ مکان میں جائے نماز بچھا کر پڑھتے تھے اور وہیں سو جایا کرتے تھے اور اُس کمرہ میں کسی غیر کو نہ آنے دیتے تھے ۔جب باہر جانا ہوتا تو اپنے کمرہ کو مقفل کرتے اور چاروں قُل شریف اور آیت الکرسی کا حصار بھی دیتے تھے دوران عمل پہلے دن سے گیارویں دن تک سخت آندھی چلنے کی آوازیں آتی رہیں تیسرے دن عمل کے اختتام پر بستر پر لیٹنے کے بعد اُن کے سینہ پر ایک ریچھ بیٹھ گیا جس کی وجہ سے حکیم صاحب کا سانس گھٹنے لگا اور کروٹ بدلنا تک مشکل ہو گیا پھر چوتھے دن کسی چیز نے سر اور ٹانگوں سے پکڑ کر دہرا کرنا شروع کر دیا پانچویں دن چھت کے پنکھے کے ساتھ سفید اژدھا نیچے کو لٹک کر منہ کے بالمقابل پھنکارنے لگا جس کی ہوا آپ محسوس کرتے رہے ۔ساتویں دن کے بعد شہزادی دولی انتہائی قیمتی لباس زرک برک اور زیورات سے اٹی ہوئی آنا شروع ہو گئی حکیم موصوف نے جب سے شہزادی دولی کو دیکھنا شروع کیا تو موصوف نے ہر بار یہی کہا کہ فلاں کام کر آؤ وہ کہتی رہی کہ ابھی عمل پورا ہونے میں تین دن باقی ہیں تو آپ نے اُسے بازو سے پکڑا تو وہ سچ مچ مجسم عورت تھی آپ نے اُسے حضرت سلیمانؑ کی قسم دی کہ اگر تم نے کام کرنے سے انکار کرنا ہے تو چلی جاؤ مگر وہ نہ گئی حکیم موصوف نے غصہ میں آ کر کہا تمہیں حضرت غوث اعظم کی قسم چلی جاؤ تو وہ فوراً زمین میں گھسی اور غائب ہو گئی آپ متواتر گیارہ یوم تک عمل کرتے رہے آخری یوم تا حد نگاہ ٹڈی دل نظر آیا آپ نے دائیں ہاتھ میں پکڑ کر بائیں ہاتھ کی مٹھی میں بند کر دیا پھر گائے کی شکل کے چار پائے آئے اُن کو بھی اسی طرح مٹھی میں پکڑ کر بند کیا اُن سے مختلف باتیں کی مگر کوئی جواب نہ ملا موصوف مٹھی سر کے نیچے رکھ کر سو گیا رات مٹھی کھل گئی اور چیزیں غائب ہو گئیں گیارہ دن مزید پڑھا تو شہزادی دولی بہت بے بس اور لاچار ہو کر حاضر ہو گی پس جب تک حکیم موصوف زندہ رہے اُن کے مسخر رہی پردہ فرمانے کے دو ماہ قبل یہ عمل مجھے با اجازت تعلیم کیا یہ عمل من وعن آپ کی خدمت میں حاضر ہے ۔

عمل یہ ہے

کالا کلوا کالی رات ،کلوا بھیجاں دولی پاس ،دولی آوے میرے پاس ،پئی تڑفے دن تے رات ،بیٹھیاں بہہ نہ ہوئے ،کھلوتیاں کھلو نہ ہوئے ،میرے باجھ آرام نہ آوے ،دولی نوں کون کون لیاوے ،ہنومان جتی اور بیر بھائی ،آئی مائی کالکاں آئی ،کٹک چڑھائی ،دولی نوں سروں پھڑ کے لیائیں ،دولی کے کر سڑے آگ میں بلے ،دھائی وڈے پیر کی ،دھائی نقش خاتماں سلیمانؑ کی ،میں محبوب الٰہی ،اسلام برحق بدھو حاضر ،حضر خواج ذلے لظہور ،دھائی حضرت محمد ﷺ کی دولی حاضر حضور ۔

حُب عینہ دختر ابلیس

ملک مزمل نواز اعوان

زکوۃ عروج ماہ نوچندی اتوار یا جمعرات سے روزانہ سفید کاغذ پر زعفران اور عرق گلاب کی روشنائی سے اکیس نقش تحریر کرکے آٹے میں لپیٹ کر جاری پانی میں ڈال دیا کریں اور روزانہ ساعت زہرہ میں نقش تحریر کرکے جاری پانی میں ڈالا کریں اسی طرح اکیس یوم عمل کریں کسی قسم کا پرہیز اس عمل میں نہیں ہے اکیس یوم کے بعد صرف ایک نقش روزانہ لکھا کریں ہر اکیس یوم کے بعد جاری پانی میں ڈال دیا کریں تاکہ زکوۃ قائم رہے اب آپ کے ہاتھ میں محبت کے ایک بے نظیر نقش کی قوت ہے۔

فوائد: اگر میاں بیوی میں اختلافات ہوں یا خاوند بیوی کی بات نہ مانتا ہو یا بیوی خاوند کی نافرمان ہو یا عورت روٹھ کر اپنے مائیکے جا بیٹھی ہو یا ایسے میاں بیوی جن میں سے کوئی ایک علیحدگی چاہتا ہو تو یوں کریں کہ ایک نقش طالب کو دیں تاکہ وہ اسے پاس رکھے اور ایک نقش جاری پانی کے نزدیک دفن کردے انشاء اللہ ایک ہفتے کے اندر اندر دونوں میاں بیوی کے درمیان ایسا عشق پیدا ہوگا کہ اُن پر ایک جان دو قلب کی مثال بالکل صادق ہوگی۔

نوٹ: یہ عمل من پسند شادی میں فریقین کے افراد کو منانے میں بھی ایک خاص تاثیر کا حامل ہے مگر خدارا اسے جائز استعمال میں لائیں ناجائز عمل کرکے کسی کی عزت وآبرو کو پامال نہ کریں ورنہ اس عمل کی رجعت اُس کی اپنی جان پر یا اہل خانہ پر ہوگی ناجائز استعمال کرنے کی صورت میں خادم ذمہ دار نہ ہوگا۔

صورت عینہ دختر ابلیس یہ ہے:-

۱۲ ا ـــ | طـ٥ | ۸ | ۱

عزمت علیکم یاعینہ بنت ابلیس بین اولاد منی

الوسواس عـ ۲ ۸ عـ ۳ M ۲

۱۱ عـ ۲ علسہ نحصہ عن ابلیس نقش عند موبموجب من

عصب علیہم ملکہ صاحب الرسول
سمعت ھب عند النوم کما لا یبغی علیہ
حار مکتب حرف الغیام علی یوم المسنالم
الوحا الوحا العجل العجل الساعۃ الساعۃ
الحریق العجل العجل الوحا الوحا الوحا
الساعۃ الساعۃ الیوم الیوم الیوم
عزمت علکیم یا عینہ بنت ابلیس ویا ما مالک

الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بنت فلاں

(دائیں حاشیہ) الوحا الطریق النار العجل الساعۃ الوحا الحریق النار العجل

(بائیں حاشیہ) العجل الساعۃ الساعۃ الوحا النار العجل الساعۃ الوحا النار

نقشِ کُن فیکُون

پیر اویس جعفری (ماہر روحانیات)

اس عمل میں کسی مہینے، دن یا وقت کی کوئی قید نہیں۔ اب عمل غور سے سن لو۔ سورۃ قُل ھو اللہ احد میں کل 7 4 حروف ہیں اور بسم اللہ شریف میں 9 1 ہیں۔ 47+19=66 ہوئے اور یہ عدد اسم ذات اللہ کے ہیں۔ پس ثابت ہوا کہ یہ سورۃ مقدس عکس ذات خداوندی ہے۔ اس میں اسم اللہ الصمد نہایت پُر جلالی اسم ہے۔ اب معلوم کرو کہ سورۃ قل ھو اللہ احد شریف کے اعداد قمری و شمسی معہ بسم اللہ اور معہ تعداد الفاظ حروف 66718 ہیں اور ان اعداد کا مثلث خالی البطن یہ ہے۔

اور سورۃ قل ھو اللہ شریف باموکل یہ ہے۔ اَجِبْ یَا جِبْرَائِیْلُ بِحَقِ قُلْ ھُوَ اللہُ اَحَدٌ۔ اَجِبْ یَا اِسْرَافِیْلُ بِحَقِ اللہُ الصَّمَدُ۔ اَجِبْ یَا مِیْکَائِیْلُ بِحَقِ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ۔ اَجِبْ یَا عِزْرَائِیْلُ وَلَمْ یَکُنْ لَہٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔

۷۸۶

١٦٦٧٧	٤٤٤٨٢	٥٥٥٩
٣٨٩٢٣		٢٧٧٩٥
١١١١٨	٢٢٢٣٦	٣٣٣٦٤

اس نقش کی زکوۃ 80 ایام میں ختم ہوگی۔ ترکیب یہ ہے روزانہ 66 نقوش لکھا کرو کسی خاص قلم دوات سیاہی کی ضرورت نہیں ہے۔ جب 66 نقش لکھ چکو تو ہر نقش پر تین تین مرتبہ سورۃ قل ھو اللہ شریف باموکل معہ بسم اللہ شریف کے پڑھ کر دم کرتے جائے اور ان نقوش کی گولیاں آٹے میں لپیٹ کر ایسے پانی میں ڈال دیا کرو جس میں مچھلیاں ہوں اگر روزانہ ڈالنا گراں ہو اور پانی دور ہو تو چند یوم کے جمع کر کے ڈال دیا کرو اور اگر یہ بھی مشکل ہو اسی یوم کے جمع کر کے ڈال آؤ مگر بہتے ہوئے پانی میں ڈالنا شرط ہے۔ نقش باوضو قبلہ رخ ہو کر لکھا کرو۔ تنہائی یا کسی جگہ کی قید نہیں۔ اگر آپ سفر میں تو دوران سفر لکھ لیا کریں۔ لیکن ناغہ ہرگز نہ ہو۔ اگر ناغہ ہوگا تو یہ عمل ناقص ہوگا۔ آپ کو از سرِ نو کرنا پڑے گا۔ پرہیز صرف عمل مجامت کا ہے۔ نماز پنجگانہ اول وقت میں ادا کرو اور اگر کسی وجہ سے نماز قضاً ہو جائے۔ تو دوسرے دن اس نماز کو ادا کر لیا کرو۔ جھوٹ نہ بولو۔ گالی گلوچ کسی کو نہ دو اور نہ لو۔ پاک صاف رہنا لازمی ہے۔ اگر ہو سکے تو گوشت کھانا ترک کر دو ورنہ کم تو ضرور کرو۔ دودھ، دہی، مکھن وغیرہ کھایا جاسکتا ہے۔ آپ نے پورے اسی یوم کر لیے تو آپکی زکوۃ ادا ہوگی۔ اب آپ اسکے سادل ہیں۔ اب روزانہ ایک نقش لکھ کر اور اس پر تین مرتبہ سورۃ قل ھو اللہ شریف باموکل معہ بسم اللہ پڑھ کر اس نقش کی گولی بنا کر آٹے میں لپیٹ کر دریا میں ڈالنا ضروری ہے۔ آپ کی زکوۃ کے 66 نقش جمع کیے۔ یا پھر زکوۃ روزانہ ایک نقش لکھ کر جمع کرتے رہیں۔ ان سب کو پانی میں ڈالنا شرط ہے۔ چاہے آپکو کئی میل اس غرض کیلئے سفر کرنا پڑے۔ اسکے لیے کوئی وقت مقرر نہیں ہے۔ چاہے آپ ایک ماہ کے بعد ڈالیں۔ یا سال بھر کے بعد ڈالیں۔ مگر یہ احتیاط ضروری ہے کہ کوئی نقش اس دوران ضائع نہ ہونے پائے۔ اگر کوئی نقش ضائع ہو گیا تو عمل ناقص ہو جائے گا۔ خلاق عالم نے دنیوی نظام چار فرشتوں کے سپرد کر رکھا ہے اور تمام فرشتے جسکی تعداد سوائے اللہ اور اسکے رسول کے کوئی نہیں جانتا ہے انہیں چاروں کے ماتحت ہیں ان میں جبرائیلؑ کے متعلق وہ امور ہیں۔ جنکا تعلق لکھت پڑھت سے ہے مثلاً امتحان میں کامیابی، کاروبار میں خیر و برکت اور وسعت رزق، کشادگی زمین وغیرہ۔ حضرت میکائیلؑ کے متعلق کسی بزرگ یا افسرِ اعلیٰ سے ملاقات

کرنا، حج وزیارت کرنا، ملازمت، قرض حسنہ سے ادائیگی ترقی عہدہ وغیرہ غرض یہ کہ حال و دولت سے جس قدر امور منسوب ہیں۔ حضرت اسرافیلؑ کے متعلق محبت و الفت عشق مقدمہ میں فتح یابی، اولاد، عزت نزد سلطان منسوب ہیں۔ اور حضرت عزرائیلؑ کے متعلق بغض وعداوت دشمنوں پر فتح یابی، صحت وتندورستی، بیماری سے شفاء غرض یہ کہ جس قدر امور جسم وجسمانیت سے منسوب ہیں۔

اب آپ جس مقصد کے لیے نقش لکھیں۔ وہ مقصد جس فرشتے سے منسوب ہو اسکا نام مگر فرشتے کا حروف اسم میں نہ لکھو بلکہ وہ آیت پاک بھی لکھو۔ یعنی اجب یا۔ آخر تک لکھو اور نقش اتنا بڑا اور کشادہ بناؤ کہ درمیان والا خانہ کشادہ رہے اس خانہ میں اپنا مقصد لکھو اور نقش کے چاروں طرف گوشوں پر ایک گوشہ پر یا اللہ اور تین گوشوں پر باقی تین فرشتوں کے نام لکھو۔ محبت اور تسخیر کیلئے درمیان کے خانہ میں مطلوب اور نام طالب دونوں لکھو۔ تسخیر کے واسطے مطلوب اگر کوئی افسر اعلیٰ ہو یا پھر کوئی عزیز ہو مگر یاد رکھو کہ خلاف شرع کام کے واسطے یہ نقش نہ لکھو۔ اب میں مثال ایک مزید وضاحت کردوں تاکہ ہر کسی کے بخوبی سمجھ میں آسکے۔ آپ یہ نقش محبت کے واسطے لکھنا چاہتے ہیں۔ نام طالب خالد اور نام مطلوب صفیہ اور اسکا تعلق حضرت اسرافیلؑ سے ہے۔

تو اب نقش اسطرح بنے گا:

۷۸۶

۳ ۱۶۶۷۷	۸ ۴۴۴۸۲	۱ ۵۵۵۹
۷ ۳۸۹۲۳	اجب یا اسرافیلؑ بحق اللہ الصمد سخرلی قلب صفیہ علی خالد	۵ ۲۷۷۹۵
۲ ۱۱۱۱۸	۴ ۲۲۲۳۶	۶ ۳۳۳۶۴

نقش کے کونوں پر جو ہندسے ہیں وہ نقش کی چال ظاہر کرتے ہیں ان کو نقش کو اندر نہیں لکھنا ہے۔

عمل حُب

پیر غلام مصطفی

وَاَلۡقَيۡتُ عَلَيۡكَ مَحَبَّةً مِّنِّىۡ وَلِتُصۡنَعَ عَلٰى عَيۡنِىۡ۔

ترکیب: اس آیات کی زکوٰۃ سوا لاکھ پوری کرکے حُب کے لئے بہترین تحفہ ہے دونوں نقش زعفران سے ایک نئے کاغذ پر لکھنے ہیں چار عدد۔ ایک نقش اپنے پاس رکھیں ایک کسی پھلدار درخت کے ساتھ باندھیں ایک دودھ یا کسی مشروبات میں پلائیں اور ایک نقش آگ کے نیچے دفن کریں تاکہ ہر وقت گرم رہے تقریباً سات دن تک بدھ عطارد، جمعرات مشتری، جمعہ زہرہ کی ساعت میں لکھیں۔

۷۸۶

علی عینی	والتصنع	محبة منی	والقيت عليك
والقيت عليك	محبة منی	والتصنع	علی عینی
والتصنع	علی عینی	والقيت عليك	محبة منی
محبة منی	والقيت عليك	علی عینی	والتصنع

میکائیل ۷۸۶ جبرائیل

۵۰۷	۵۱۰	۵۱۳	۵۰۰
۵۱۲	۵۰۱	۵۰۶	۵۱۱
۵۰۲	۵۱۵	۵۰۸	۵۰۵
۵۰۹	۵۰۴	۵۰۳	۵۱۴

عزرائیل اسرافیل

قارئین کی فرمائش اور سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے سوال و جواب کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے
آپ بھی کسی مسئلہ کا شکار ہوں مثلاً

بندش کاروبار	شادی میں رکاوٹ	اولاد کا نہ ہونا
لڑائی جھگڑا	خیر و برکت کی کمی	سحر و جادو
مقدمہ بازی	بیماری	بیوی کی نافرمانی
شوہر کی بے راہ روی	بے روزگاری	سفر میں رکاوٹ

یا کوئی اور مسئلہ ہو تو اُس کے لیے ہمیں خط لکھیں۔

علم رمل کے ذریعے آپ کی رہنمائی کی جائے گی۔

- ★ خط میں اپنا پورا نام معہ والدہ لکھیں۔
- ★ تاریخ پیدائش یا اندازِ عمر لکھیں۔
- ★ سوال مختصر مگر جامع لکھیں۔

1 سے لے کر 100 تک کوئی چار ہندسے لکھیں۔ مثلاً 46-7-61-80

نوٹ

ہندسے لکھتے وقت اپنا سوال ذہن میں رکھیں اور ہندسے دائیں طرف سے ان چار خانوں میں لکھیں

جواب طلب امور کے لیے جوابی لفافہ ارسال کریں۔

فیس فی سوال 300 روپے اور مکمل زائچہ کی فیس 2500 روپے ہے جس کی پیشگی ادائیگی ضروری ہے

ادارہ مقیاس الروحانیات
مقصود منزل جناح ٹاؤن بنگلہ روڈ تحصیل ہارون آباد ضلع بہاولنگر

نقوش و الواح

لوح شرف قمر

حصول اولاد و علم نصیب کشائی، زراعت و باغات کی ترقی، غرض ہر نیک مقصد میں کامیابی کے حصول کے لیے اکسیر اعظم ہے

لوح شرف عطارد

حصول علم، ذہنی قابلیت بڑھانے، افسران بالا کی تسخیر، امتحان میں کامیابی، بیرون ملک ویزا اور سفر میں کامیابی کے لیے اکسیر اعظم ہے

لوح شرف زہرہ

تسخیر خلائق، تسخیر محبوب، تسخیر گاہک، آمدنی کی وسعت اور خواتین کے پوشیدہ امراض کے لیے اکسیر اعظم ہے

لوح شرف شمس

سیاسی و سماجی کامیابی، عزت و بلند مرتبہ، عہدے میں ترقی اور نوکری کے حصول کے لیے اکسیر اعظم ہے

لوح شرف مریخ

کام کاج کی صلاحیت بڑھانا، دشمن پر غلبہ، مخالف کے شر سے بچنا اور حصول قوت و شجاعت کے لیے اکسیر اعظم ہے

سب ہی الواح کا ہدیہ مشک و زعفران 3000 روپے اور چاندی پر ہدیہ 5000 روپے ہے

لوح شرف مشتری

عزت و دولت، شہرت و کامیابی، قانون و عدلیہ میں کامیابی اور مالا مال ہونے کے لیے اکسیر اعظم ہے

ہدیہ مشک و زعفران 5000 روپے، مخلوط دھات پر 7000 روپے اور گولڈ پر 12000 روپے ہے

لوح شرف زحل

استحکام و جمعیت، تسخیر سلطنت و فتوحات، نیز زندگی کو بدلنے کے لیے اکسیر اعظم ہے

ہدیہ مشک و زعفران 5000 روپے اور تانبہ پر 8000 روپے ہے۔

ادارہ مقیاس الروحانیات
مقصود منزل جناح ٹاؤن بنگلہ روڈ تحصیل ہارون آباد ضلع بہاولنگر

حروفِ مقطعات کے بامعنی جملے

صوفی غلام سرور شباب (حویلی لکھا)

قرآن کریم کی سورتوں کے شروع میں کچھ حروف (الم،حم،طہ،کھیعص وغیرہ) ایسے ہیں جن کا بظاہر کوئی ترجمہ نہیں ہوتا انہیں حروف مقطعات کہتے ہیں۔علماء کرام کے تحقیق کے نتیجہ میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ اگر قرآن مجید کے تمام حروف مقطعات کو جمع کر کے مکررات میں ان کو حذف کر دیا جائے تو صرف چودہ حروف (ص،ر،ا،ط،ع،ل،ی،ح،ق،ن،م،س،ك،ہ) باقی بچتے ہیں جنہیں ملا کر پڑھنے سے صرف مندرجہ ذیل عبارت یا بامعنی جملہ بنتا ہے۔

صِرَاطُ عَلِیٍ حَقٌّ نُمْسِکُہٗ ترجمہ: علیؑ کا راستہ حق ہے اسے مضبوطی سے تھام لوں۔

حضرت علی ابن طالب کی شان

کسے را میسر نہ شد ایں سعادت بہ کعبہ ولادت بہ مسجد شہادت

کھلی جو آنکھ تو پہلے چہرہ حبیب خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا جلوہ تاباں دیدہ بینا عطاء کر گای پھر خدا کا گھر دیکھا۔جو خدا کا گھر تھا وہ علی کا گھر بنا جو بیت اللہ تھا وہ بیت علیؑ بن گیا۔گویا قیامت تک جوار بوں اور کھربوں انسان خانہ خدا کا اطواف کریں گے وہ علی کی جائے پیدائش کا بھی اطواف کریں گے۔خدا کے گھر میں پیدا ہوئے اور خدا کے گھر میں شہادت کا پیغام ملا۔دوستو! تاریخ انسانی اٹھا کر دیکھو اور مجھے بتاؤ کہ علیؑ سے پہلے کس کو یہ شرف حاصل ہوا اور علی علیہ السلام کے بعد یہ شرف کس کو حاصل ہوا وہ کون سا انسان ہے جس کی زندگی کا آغاز اور انجام اتنا حسین ہو جتنا حسین انجام حضرت علی مرتضیٰؑ کی زندگی کا ہوا۔

تاریخ نگار اور تبصرہ نگار عجب ستم اٹھاتے ہیں اور غلط کہتے ہیں کہ اپہلے ایمان کون لایا پہلے مسلمان کون ہوا۔کہتے ہیں کہ خواتین میں سب سے پہلے حضرت خدیجہؓ ایمان لائیں۔مردوں میں حضرت ابوبکر صدیقؓ ایمان لائے غلاموں میں حضرت زیدؓ ایمان لائے اور بچوں میں حضرت علیؑ پہلے ایمان لائے مگر میں کہتا ہوں دوستو! علیؑ کے بارے میں انصاف کی بات کرو۔مسلمان کا سوال تو اس کیلئے پیدا ہوتا ہے جو پہلے کسی اور مذہب پر ہو۔ایمان لانے سے پہلے بت پرست ہو،آتش پرست ہو،پہلے کسی اور کا کلمہ پڑھتا ہو اور پھر اپنے آقا اور مولا کا کلمہ پڑھے۔نادان کہتے ہیں کہ علیؑ پہلے مسلمان تھے۔میں کہتا ہوں کہ علیؑ پہلے ہی مسلمان تھے۔علیؑ جس کا نفس نفس توحید سے سرشار تھا،جنہوں نے اسلامی نظام اور غیر اسلامی نظام میں فرق واضح کیا جو خلافت اور ملوکیت میں حد فاصل تھا۔جس نے بتایا کہ اصول پرستی اور امانت کو اسلامی نظام سیاست میں کیا مقام حاصل ہے۔جس نے اپنے عمل سے بتایا بھائی اگر دشمن کے پاس بھی چلا جائے تو اسکا وظیفہ بیت المال سے بند نہ ہو۔جس نے یہ بتایا کہ لوگ ساتھ چھوڑ دیں مگر

ضمیروں کو خریدنے کی کوشش نہ کرو۔ جس نے بتایا کہ لوگ غلط کام پر قائم رہیں تو ان پر لعنت بھیجو صحیح بات پر ڈٹے رہو چاہے اس پر جان ہی کیوں نہ چلی جائے۔ جس نے مشکل ترین لمحات میں بھی برصغیر پاک و ہند میں رہنے والے ہم بے کسوں کو فراموش نہیں کیا آپ نے سنا ہو گا کہ اکثر کہا جاتا ہے کہ سندھ کا فاتح محمد بن قاسم ہے۔ میں کہتا ہوں کہ ادھوری سچائی ہے یہاں پھر جناب امیر کے کارناموں کو چھپانے کی کوشش کی گئی ہے۔ آج تمام شیعہ، سنی مورخ اس بات پر متفق ہیں کہ سندھ کے صوبے پر سب سے پہلا اسلامی لشکر جناب امیر کے عہد میں بھیجا گیا اور صوبہ سندھ آپ کے زمانے میں فتح ہوا۔ اہل سندھ کو اس بات ہر فخر کرنا چاہیے کہ یہ سجدہ علی المرتضیٰؑ کا تھا۔ علامہ ابن قطبہ کو قدیم مورخ اسلام ہیں۔ وہ لکھتے ہیں امام زین العابدین کی ایک زوجہ محترمہ سندھی تھیں۔ سندھ میں انہوں نے پہلی شادی کی تھی اور ان سے حضرت زید شہید یہیں پیدا ہوئے۔

میں مرید ہاں علیؑ دا امیرا پیشوا علیؑ اے۔۔۔ میرے پیر دا سوالی دنیا دا ہر ولی اے

کچھ لوگوں نے مدینۃ العلم اور باب العلم سے اعراض کیا کہ آخر یہ حروف مقطعات کیا ہیں انہوں نے قیاس پر مبنی طرح طرح کی تعبریں کیں۔ مثلاً قیا سعالم کا خیال ہے کہ عرب میں یہ دستور تھا کہ کلام سے پہلے کچھ کہہ لیا کرتے تھے۔ چنانچہ وہی طریقہ اللہ تعالیٰ نے اختیار کیا ہے مگر سوال یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ طریقہ صرف اٹھائین سورتوں میں کیوں اختیار کیا۔ باقی چھیاسی سورتوں یہ وہم ضرورت کیوں نظر انداز کی؟ حقیقتاً صورت حال یوں ہیں کہ مسلمات سے ہے کہ کسی سلطنت کے بادشاہ ارکان دولت کے مابین کچھ تحریریں کلام اور رموز میں ہوتے ہیں۔ جس کے ارشادات اور کنایات غیر لوگ نہیں سمجھ سکتے۔ یہی حقیقت یہاں مضمر ہے کہ کچھ رموز حروف مقطعات کی صورت میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ اور اوصیاء رسول ﷺ کے درمیان ہیں اور یہی اسم اعظم ہے۔ جنہیں ملا کر نبی اکرم ﷺ اور ان اوصیاء کرام اسم اعظم بتاتے ہیں جس سے دعائیں قبول ہوتی ہیں اور بادشاہ حقیقی کے امور کی تعمیل و تکمیل ہوتی ہے۔ یہاں پر جناب امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالبؑ کے مندرجہ ذیل اشعار سے مدد لیتا ہوں۔ جو انسان سے مخاطب ہو کر فرماتے ہیں۔

دَوَاءُكَ فِيكَ وَمَا تَشْعُرُ وَدَاءُكَ مِنْكَ وَلَا تُبْصِرُ

وَاَنْتَ الْكِتَابُ الْمُبِيْنُ الَّذِيْ بِاَحْرُفِهٖ يَظْهَرُ مُضْمَرُ

وَتَزْعَمُ اَنَّكَ جِرْمٌ صَغِيْرٌ وَفِيْكَ انْطَوٰى الْعَالَمُ الْاَكْبَرُ

1. اے انسان تیرا علاج تیرے اندر ہی موجود ہے مگر اس علاج کا تجھے شعور نہیں اور تیرے امراض بھی تیری ہی وجہ سے ہیں مگر تجھے اسکی سوجھ بوجھ نہیں۔

2. (تجھے بتائے دیتا ہوں) اور اے انسان تو ایک ایسی روشن کتاب ہے کہ جس کے ایک ایک حرف سے الگ الگ چھپی ہوئی صفات کا ظہور ہوتا ہے۔

3.اور تو اپنے آپ کو چھوٹا سا جسم سمجھتا ہے حالانکہ تیرے اندر ایک بڑا عالم سمایا ہوا ہے۔

صِرَاطُ مِلكٍ يَسَحَقُّ عَنَّهُ (ترجمہ) "عنقریب ظاہر ہوگا اس کی قدرت کا صحیح راستہ"

محترمہ سیدہ سکندر زہرا زیدی صاحبہ اپنی تحقیقی کتاب" نور الہدیٰ" جو اسرار و رموز قرآن حروف تہجی پر ہے۔ صفحہ نمبر 23 پر مندرجہ بالا جملہ تحریر فرماتی ہیں اور اس کی وضاحت میں تحریر فرماتی ہیں کہ" جو لوگ اس بات کو تسلیم نہیں کرتے کہ علیؑ کا راستہ صحیح ہے۔ ان ہر عنقریب ظاہر ہو جائے گا کہ کون سا راستہ صحیح ہے" اور ایک طرح سے عبارت حضرت امام مہدیؑ کی شان میں بن گئی کہ جب آپ کا ظہور ہوگا تو حق سامنے آجائے گا۔ میں نے جب غور کیا تو میں یہ دیکھ کر چونک گئی کہ شیعہ عقائد کے مطابق (ان حروف سے جو چودہ ہیں) پہلے جو عبارت بنی اور پہلے امام حضرت علیؑ اور اس کی تصدیق کے لئے جو عبارت بنی وہ آخری امام حضرت مہدیؑ کی شان ہو سکتا ہے کہ یہ عبارت لوگوں کو مہمل لگے لیکن میرے لئے تسکین کا باعث بنی ہے اور اس عبارت کی لگن نے مجھے ان حروف مقطعات کی تحقیق پر اکسایا" موصوفہ اسی کتاب کے صفحہ نمبر 190 پر رقم الطراز ہیں کہ" ہر نبی نے اپنے وارث کے لئے دعا کی اور اللہ تعالیٰ نے انہیں وارث عطا کیا۔" اسی طرح حضرت محمد ﷺ نے اپنے علم کا وارث حضرت علیؑ کو قرار دیا اور یہ قرآن مجید کے ان حروف کا ایک بڑا معجزہ ہے کہ اس کی عبارت اس بات کی گواہ بن گئی کہ صراط مستقیم پر چلنے والے ہیں اور آپ کا راستہ ہی صحیح ہے۔

مُلا محسن صاحب قبلہ کی اس عبارت کو آج تک کوئی رد نہیں کر سکا۔ میرے ذہن میں بھی یہ سوال پیدا ہوا کہ بات درست ہے کہ ان حروف سے یہ عبارت بنتی ہے اور کیا یہ اس بات کی سند ہے کہ حضرت علیؑ کا راستہ ہی صحیح ہے اور قرآن کے شارع آپؑ ہیں؟ آپ کے علاوہ کیا اور کوئی اس منزل پر نہیں؟ ذہن گھومتا رہا اور آخر کار میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ اے پالنے والے اگر تو چاہے گا تو مجھے ان حروف سے ہی جواب دے گا۔ چنانچہ اچانک یہ عبادت میرے ذہن میں آئی۔

صِرَاطُ مِلكٍ يَسَحَقُّ عَنَّهُ (ترجمہ) "عنقریب ظاہر ہوگا اس کی سچائی کا راستہ"

اور یہ عبارت میرے نفس کی تسکین کا باعث بن گئی اور مُلا محسن صاحب قبلہ کی بات کی سند بھی ہے۔ اگر اس بات میں کوئی شک ہے تو عنقریب اس کا ثبوت مل جائے گا اور وہ یہ کہ جب امام زمانہ علیہ السلام کا ظہور ہوگا اور حضرت امام مہدیؑ اسلام کے ظہور کے متعلق بے شمار روایات شیعہ وسنی موجود ہیں۔ مثلاً صحیح بخاری، جامع ترمذی، صحیح مسلم اور اصول کافی، تہذیب اسلام وغیرہ میں جیسا کہ سنن ابو داؤد جز چہارم میں ہے کہ حضرت ام المومنین ام سلمہؓ سے مروی ہے کہ" میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ آپ ﷺ نے فرمایا (حضرت امام) مہدی میری اولاد میں اور اولاد فاطمہؑ سے ہوگا" صحیح بخاری میں ہے کہ "کیا ہو گا اس وقت جب تم میں سے ابن مریمؑ نازل ہو گے اور تمہارے امام جو تم میں سے ہوگا" (صحیح بکاری جلد نمبر دوم 74)۔

سلسلہ روایاں سے حضرت عبید اللہ روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ" قیامت اس وقت نہیں آئے گی جب تک میرے اہل بیت میں سے ایک جس کا نام میرے جیسا ہو گا بادشاہ نہ ہو جائے گا" (جامع ترمذی جلد نمبر دوم 153) تو گویا ملا محسن صاحب کی عبارت اس بات کی شاہد ہوتی ہے کہ علی کا رستہ صحیح ہے اور صراط مستقیم کی راہنمائی کرنے والے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علیؑ ہیں اور آخری ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مطابق حضرت امام مہدیؑ ہیں۔ (نور الہدیٰ از سیدہ سکندر زہرا زیدی صفحہ 191)

قارئین محترم! حروف نورانیہ کے چند با معنی جملے" عکس لوح محفوظ" آپ پہلی مرتبہ پڑھیں گے۔ یہ جملے حروف مقطعات نورانیہ کی ریاضتوں کے دوارن مجھے کشفی طور پر القا ہوئے کے ہیں۔ ان کے ترجمہ وتشریح کیلئے میرے محترم دوست ڈاکٹر ریاض الرحمن نقوی ابھا کری آف چکوال نے بہت زیادہ معاونت فرمائی ہے علوم رحانیہ ومخفیہ میں آپ نام محتاج تعارف نہیں ہے۔" حروف مقطعات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ہماری تصنیف" عکس لوح محفوظ" کا مطالعہ فرمائیں۔

طَرَقَ سَمْعَكَ النَّصِيْحَة ترجمہ:" وہ چلا تیری نصیحت سننے کیلئے"

یہ ایک اہم واقع کی طرف واضح اشارہ ہے۔ وہ کون تھا جو نصیحت سننے کے لئے چلا؟ میں اس جملے کو حضرت عمرؓ کی طرف منسوب کرتا ہوں کیونکہ حالت کفر میں جناب رسالت مآب! صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں قتل کرنے سے باز نہیں آرہا تھا۔ تلوار لٹکائے آخری فیصلہ کرنے جارہا تھا کہ یکا یک پاؤں پلٹے بہن اور بہنوئی کی مذمت کی، بہن کے استقبال نے عمرؓ کو سوچنے پر مجبور کر دیا (" پھر وہ چلا نصیحت لینے") نصیحت بھی ملی اور وصیت بھی۔ پھر حضرت عمرؓ نے اپنی پوری زندگی اسلام کا بول بالا ہوا حضرت عمرؓ کا چرچہ ہوا۔ قبر قربت نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ہے، اہل علم اور اہل دل ہی حضرت عمرؓ کی خوبیاں جانتے ہیں۔

مَنْ قَطَعَكَ صِلَةً لَرِيْحاً (ریح)

ترجمہ:" جس نے رشتہ توڑا۔ اس سے ہوا کی مانند ملتارہ" سلسل ترجمہ" جو تجھ سے قطع تعلق کرے۔ اس سے ہوا کی مانند مل"

جس وقت حضرت عائشہؓ پر تہمت لگائی گئی۔ تو حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دل پر جو گزری وہ ہی جانتے ہیں۔ تاہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انتہائی درگزر سے کام لیا۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ نے اپنے عزیز مسطحؓ کی امداد بند کردی کیوں کہ وہ الزام تراشوں کے ساتھ تھا۔ حضرت عائشہؓ کی شان میں اللہ تعالیٰ نے ان کی تہمت سے براءت فرمائی۔

ترجمہ:" جن لوگوں نے بہتان باندھا ہے، تم ہی میں سے ایک جماعت ہے اس کو اپنے حق میں برا نہ سمجھنا۔ بلکہ وہ تمہارے لئے اچھا ہے۔ ان میں جس شخص نے گناہ کا جتنا حصہ لیا اس کیلئے اتنا وبال ہے اور جس نے ان میں سے اس بہتان کا بڑا بوجھ اٹھایا ہے اس کا عذاب بڑا ہو گا" (سورۃ النور آیت 11)

حضرت ابوبکرؓ نے کہا کہ واللہ میں آئندہ مسطح کو کچھ خرچہ نہیں دونگا۔ مسطح حضرت ابوبکر صدیقؓ کے عزیزوں میں سے تھے اور غریب تھے۔ حضرت ابوبکرؓ خرچ سے ان کی مدد کرتے تھے۔ لیکن اتفاق سے اس بہتان کے تذکرے میں وہ بھی شامل ہو گئے جب حضرت ابوبکر صدیقؓ نے قسم کھائی کہ وہ مسطح کو خرچ نہیں دیں گے تو اللہ تعالیٰ نے آیت نازل فرمائی۔ ترجمہ: "اور جو لاگ تم میں سے صاحب افضل اور صاحب وسعت ہیں وہ اس بات کی قسم نہ کھائیں کہ رشتہ داروں اور محتاجوں اور وطن کو چھوڑ جانے والوں کو کچھ خرچ پات نہیں دیں گے۔ ان کو چاہیے کہ معاف کر دیں اور درگزر کریں۔ کیا تم پسند نہیں کرتے کہ خدا تم کو بخش دے؟ اور اللہ تو بخشنے والا مہربان ہے" (سورۃ النور آیت 22)

مَنْ قَطَعَكَ صِلَهُ لَرِيمًا

اسی واقعہ کی طرف اشارہ ہے۔ تفصیل کے لئے تفسیرات کا مطالعہ کریں ہم نے مختصر طور پر بتا دیا ہے۔

نَصٌّ حَكِيمٌ قَاطِعٌ لَهُ سِرٌّ ترجمہ "حکیم کی نصیحت کے اس راز سے پردہ اٹھا"

مختصر معنی نص = نص قرآنی ہے قرآنی حکم ہے۔ حکیم = دانا، حکمت والا۔ قاطع، قطعہ کرنا، پردہ چاک کرنا۔ لہ = اس کا، اس سے۔ سترا = راز، بھید۔ اس جملہ میں قرآن کریم پر غور و فکر کی دعوت ہے، قرآن کریم قادر مطلق کا وہ نسخہ عظیم ہے۔ جس پر پردوں کا غلاف چڑھا ہوا ہے۔ متقی یہ بتاتا ہے مومن یہ بتاتا ہے ولی یہ بتاتا ہے شہید اور صدیق یہ بتاتا ہے مریضوں کے لیے شفا اور عاقلوں کے لیے علم و حکمت، خدا رسیدہ کے لیے ہدایت اور عوام و خواص کے لیے رشد و ہدایت۔ خلاصہ یہ ہے کہ پوری زندگی کو سنوارنے کا خلاصہ اسی میں موجود ہے مگر یہ اس میں ممکن ہے جب آپ قرآن پاک کے بارے میں غور فکر کریں گے قرآن پاک وہ مقدس کتاب ہے جو جامع علوم ہے جیسا کہ ارشاد ربانی ہے۔ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَا تَسْقُطُ مِن وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِي ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِي كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ۔

ترجمہ: اوا سے جنگلوں اور دریاؤں سب چیزوں کا علم ہے اور کوئی پتا نہیں جھڑتا مگر وہ اس کو جانتا ہے اور زمین کے اندھیروں میں کوئی دانہ اور ہر کوئی ہری یا سوکھی چیز نہیں مگر کتاب روشن میں (لکھی ہوئی) ہے۔ (سورۃ الانعام آیت 59) ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا ترجمہ: "بھلا یہ قرآن میں غور کیوں نہیں کرتے۔ اگر یہ اللہ کے سوا کسی اور کا (کلام) ہوتا تو اس میں (بہت سا) اختلاف پاتے" (سورۃ النساء آیت 82)

مَنْ يَّقْطَعُ حِرْصَكَ سَهْلًا

ترجمہ: "کون جو تیری خواہش (آرزو/مشن) کو آسانی سے روک سکے گا (یہ کام/تبلیغ رکنے کی نہیں)

جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تبلیغ دین شروع کی تو کفار مکہ، قریش مکہ نے آپ پر کون سی سختیاں اور مصائب نہ ڈھائے آپ کے اخلاق عظیم اور دین کی

حقانیت دیکھ کر کفرستان مکہ میں شمع رسالت کے پروانے پیدا ہو گئے جنہوں نے اپنی زندگی تحفظ مصطفی ﷺ اور بقائے اسلام کے لیے وقف کر دی۔ حضرت عمرؓ نے رسالت ماب کو قتل کرنے کا منصوبہ بنالیا۔ بالآخر مشرف بہ اسلام ہوئے۔ خاندانی عظمت، پُر جلال شخصیت مصطفی ﷺ کا پیکر بن کر خلافت دوم کا سہرا سجا کر جلوہ افروز ہوئے اور وہ کارہائے نمایاں سر انجام دیے کہ اگر تاریخ اسلام سے ان ابواب کو نکال دیا جائے تو تاریخ اسلام تاریخ ہو جائے گی۔ خلافت راشدہ کی نمایاں خصوصیت انصرام مملکت ہے جو حضرت عمرؓ نے کام کیے قیامت تک نہ کوئی کر پائے گا پھر ہجرت حبشہ اور ہجرت مدینہ کا واقع، پھر جنگ بدر، احد، خندق، تبوک، خیبر وغیرہ سب اس بات پر شہادت ہیں کہ مشن محمد مصطفی ﷺ پایۂ تکمیل تک پہنچا تب اللہ تعالی کو تکمیل کی سند دینی پڑی۔ اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْناً۔ "آج مکمل کر دیا ہے میں نے تمہارے لئے تمہارا دین اور پوری کر دی تم پر اپنی نعمت اور پسند کر لیا ہے تمہارے لئے اسلام کو بطورِ دین۔" (سورہ المائدہ آیت 3)

حاضری بیطیش

محمد اجمل مفتاحی
(بنگلہ دیش)

سورۃ اخلاص کے خادم جن بیطیش کو اپنے پاس بلانے کے لئے سب سے پہلے اپنے چلہ گاہ میں لوبان کی دھنی دیں پھر تمام گناہوں کی توبہ کی نیت کرتے ہوئے دو نفل نماز توبہ پھر دو نفل برائے ایصال ثواب حضرت محمدؐ اور پھر دو نفل نماز حاضری و تسخیر بیطیش جن کو اپنے پاس بلانے کی نیت سے ادا کریں اُس کے بعد حصار کریں اور سورۃ اخلاص کو ایک ہزار دو مرتبہ پڑھیں ہر سو مرتبہ پڑھنے پر توکیل پڑھیں تین دن حدسات یوم پڑھیں تیسرے یا ساتویں یوم بیطیش حاضر ہو گا جب یہ حاضر ہو تو اُس سے بہت ادب و آداب سے عہد و پیمان کریں اور پھر تا حیات اُس پر قائم رہیں نایاب عمل ہے جو کرے گا وہ ناکامی کا شکوہ بھول جائے گا۔ توکیل یہ ہے:

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ یا بیطیش حاضر شو حاضر شو بحق اللہ الصمد وبحقِّ کھیعص بحقَّ حمعسق بحقِّ حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام وبحقِّ یا بدوح یا بدوح یا بدوح حاضر شو حاضر شو حاضر شو

جادو کی حقیقت

محمد شہزاد (بورے والا)

جادو کیا ہے، جادو کی حقیقت کیا ہے کیا اس کا وجود ہے، اور جادو کیسے ہوتا ہے اس کے بارے میں ہمارے معاشرے میں کیا غلط فہمیاں پائی جاتی ہیں۔ یہ انسان پر کیسے اثر انداز ہوتا ہے اور اس کا علاج کیسے کیا جائے ان سب سوالات کا جواب آج میں اپنے اس مضمون میں دینے کی کوشش کروں گا۔ کیا جادو کا وجود ہے بہت سے لوگ جادو ٹونے کے معاملے میں افراط و تفریط کا شکار ہیں۔ کچھ جو اس پر حد سے زیادہ یقین کرتے ہیں وہ اپنی ہر پریشانی کا ذمہ دار جادو ٹونے کو قرار دیتے ہیں۔ ایسے لوگوں کی باتیں سن کر یوں لگتا ہے گویا (معاذ اللہ) اللہ پاک نے یہ کائنات بنا کر جادوگروں کے رحم و کرم پر چھوڑ دی ہو اور جو اس کے برعکس ہوتے ہیں ان کے مطابق جادو جیسی کسی چیز کا وجود نہیں ہوتا اور ایسی باتیں محض ایک ڈھونگ ہیں۔ حالانکہ جادو سے متعلق حقیقت ان دو انتہاؤں کے درمیان میں ہے۔ بطور مسلمان ہمارے لئے جادو کی تاثیر کو ماننا ضروری ہے کیونکہ یہ براہِ راست قرآن مجید اور متعدد صحیح احادیث سے ثابت ہے۔ جادو کیسے ہوتا ہے جب کوئی جادوگر کسی پر جادو کرتا ہے تو یوں سمجھیں کہ جادوگر نے غلاظت اور گندگی اٹھا کر اس کی طرف پھینک دی۔ اب یہ متعلقہ شخص پر ہے کہ وہ اس غلاظت سے کس قدر متاثر ہوا، صرف اس کی ذات متاثر ہوئی یا اس کی فیملی بھی یا پھر اس کی رہائش گاہ بھی اس پلیدی کا شکار ہوئی اور اگر ہوئی تو کس قدر۔ اب اگر متاثرہ شخص اس گندگی کو ہٹانے کا بندوبست نہیں کرتا تو یہ اپنی نحوست پھیلانا شروع کر دیتی ہے جس کے کئی قسم کے نحس اثرات ہوتے ہیں۔ جادو کے اثرات کو کیسے ختم کریں اب اس گندگی کو ہٹانے کے کئی طریقے ہیں، جن میں سب سے بہتر یہ ہے کہ انسان اس طرح کی گندگی صاف کرنے والا آدمی ڈھونڈ کر اس سے صفائی کرائے اور بعد میں اس گندگی کی نحوست سے جو برے اثرات ہوئے انہیں بھی ختم کر دے۔ دوسری صورت یہ ہے کہ انسان خود جھاڑو اٹھا لے۔ اگر خود صفائی کرے گا تو وقت زیادہ لگے گا کیونکہ اس طرز کی صفائی کا عام انسان کو تجربہ نہیں ہوتا. اس لئے اسے ایسی صفائی کرنے کے ماہرین سے پوچھنا چاہئے کہ یہاں کون سا" سرف" یا" صابن" کتنی مقدار میں کتنے دن تک استعمال کیا جائے گا تو مکمل صفائی ہوگی۔ جو شخص جادو کا شکار ہونے کے باوجود اس کا علاج نہ کرے اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی آپ پر غلاظت پھینکے اور آپ کہیں میں اس غلاظت کو صاف نہیں کروں گا۔ اگر کوئی بار بار جادو کرے تو آپ کہیں میں بار بار علاج کیوں کرواں، میں تو صرف ایک بار غلاظت صاف کروں گا، بار بار کی صفائی میں نہیں کروں گا۔ حالانکہ صفائی نصف ایمان ہے اور حدیث پاک میں صفائی کا لفظ استعمال ہوا ہے، یہ وضاحت نہیں کی گئی کہ ظاہری صفائی ہو یا باطنی یا روحانی۔ جادو اور غلط فہمیاں جادو ٹونے کے معاملے میں بہت سی غلط فہمیاں بھی بہت عام ہیں۔ مثال کے طور پر ایک شخص کہتا ہے مجھ پر کوئی جادو نہیں ہو سکتا، میں تو پانچ وقت کی نماز پڑھتا ہوں، دوسرا کہتا ہے مجھ پر نہیں ہو سکتا میں تو فلاں سلسلے میں بیعت ہوں، فلاں بزرگ سے میری نسبت ہے، فلاں تحریک سے میرا تعلق ہے۔۔۔۔ ایسے لوگ بھول جاتے ہیں کہ قرآن مجید یا حدیث پاک کی کسی کتاب میں یہ نہیں لکھا کہ پانچ وقت کے نمازی یا کسی بزرگ سے نسبت رکھنے والے پر کوئی جادو اثر انداز نہیں ہو سکتا۔ بلکہ میرے مشاہدے کے مطابق جو شخص دین کا کام زیادہ کرتا ہے اس پر جادو بھی ایک سے زیادہ مرتبہ کیا جاتا ہے۔ جادو سے متاثرہ شخص کے ساتھ کیا ہوتا ہے اب بات ہے جادو سے متاثر ہونے کی، تو یہ ضرور ہوتا ہے کہ آپ کا تعلق جتنی بڑی بزرگ ہستی سے ہوتا ہے، آپ اس کے بتائے ہوئے اوراد و وظائف جس قدر باقاعدگی سے کرتے ہیں اتنا ہی جادو آپ پر کم اثر انداز ہوگا یعنی یہ ہو سکتا ہے کہ جادو آپ کو مارنے کے لئے کیا جائے مگر آپ اس کے اثر سے محض معمولی بخار کا شکار ہو جائیں۔ یہ بات بھی یاد رکھنے کے قابل

ہے کہ صوفی، بزرگ اور عامل یا روحانی معالج میں فرق ہوتا ہے۔ عام طور پر روحانی معالج کو بہت بڑا پیر سمجھ لیا جاتا ہے حالانکہ وہ صرف ایک عامل یا معالج ہے جس کا تعلق عملیات کے شعبے سے ہے جبکہ تصوف اور سلاسل اس سے بالکل مختلف شعبہ ہے۔ نیا دور نئے طریقے پرانے زمانے میں آبادی کم تھی، بیماریاں کم تھیں تو دوائیاں بھی کم تھیں، حکیم اور ڈاکٹر بھی کم تھے، آج بیماریاں زیادہ ہیں تو دوائیاں اور ڈاکٹر بھی زیادہ ہیں۔ اب اگر کوئی شدید بیماری میں مبتلا شخص ڈاکٹر کو کہے کہ میں صرف سیرپ یا گولی کھاؤں گا، نہ انجیکشن لگواؤں گا نہ ہی آپریشن کرواؤں گا تو اسے کوئی دانشمند نہیں کہے گا۔ بالکل اسی طرح آج کل دین اور عبادت سے دوری کے نتیجے میں انسانی زندگی میں شیاطین کا عمل دخل بہت بڑھ چکا ہے اور اکثر حالات میں جادو ٹونے سے متاثرہ شخص کو نورانی اور قرآنی تعویذات کے انجیکشن اور ڈرپس لگانی پڑتی ہیں۔ اس کی مزید تفصیل کے لئے امام غزالی کی الاوفاق، امام بونی کی شمس المعارف، امام احمد رضا خان بریلوی کی شمع شبستانِ رضا اور صدیق حسن بھوپالی کی الداع والدواء ملاحظہ کریں۔ آپ کو جادو کے مہلک اثرات کا علاج کرنے کے لئے رہنمائی مل جائے گی۔

جادو کا علاج

جادو کے علاج کے تین بنیادی مرحلے ہوتے ہیں۔ پہلے مرحلے میں شیطانی بلاؤں کو متاثرہ شخص سے دور ہٹایا جاتا ہے، دوسرے مرحلے میں ان کا متعلقہ شخص سے تعلق کاٹا جاتا ہے، تیسرے مرحلے میں ان کی پیدا کردہ نحوست کو دور کیا جاتا ہے۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ جادو کے علاج یا کاٹ میں اتنے دن کیوں لگتے ہیں حالانکہ جادو تو بہت جلدی ہو جاتا ہے، اس کا جواب مختصر یہ ہے کہ زخم لگانے میں چند لمحے لگتے ہیں اور زخم بھرنے میں ایک عرصہ درکار ہوتا ہے۔ جادو کے علاج کے سلسلے میں ایک اہم بات یہ بھی سامنے آئی ہے کہ جب تک جادو سے متاثرہ فرد خود اپنے حالات سے تنگ آ کر علاج اور کاٹ کرنے کو نہ کہے اور اسے علاج کرنے یا کرانے والے پر مکمل اعتماد نہ ہو، تو جادو ختم نہیں ہوتا۔ اگر آپ اپنے کسی جادو سے متاثرہ شخص کی زبردستی کاٹ یا علاج کریں گے یا کرائیں گے تو وہ نہ تو آپ کا دیا ہوا علاج صحیح طریقے سے استعمال کرے گا اور نہ ہی آپ کی بتائی گئی ہدایات پر عمل پیرا ہو گا جس کے نتیجے میں شیطانی چیزیں اسے مزید پریشان کریں گی اور وہ آپ سے، بزرگوں اور عاملوں سے اور جادو کی کاٹ اور علاج سے بدظن ہو کر اپنی باقی ماندہ زندگی شدید پریشانی میں گزار دے گا۔ میرا مشورہ ہے کہ جادو کا علاج مریض کو خود نہیں کرنا چاہیے اس کیلئے کسی قابل معالج یا عامل روحانی سے ہی علاج کروانا چاہیے۔

برائے طلاق

فقیر اللہ خان

اجہزط

یاعزرائیل

یاقہار	یاقاھر	ذوالبطش	الشدید	انت الذی	یابدوح
یاقہار	ذوالبطش	الشدید	انت الذی	لایطاق	یابدوح
یاقہار	الشدید	انت الذی	لایطاق	انتقامہ	یابدوح
یاقہار	انت الذی	لایطاق	انتقامہ	یاقاھر	یابدوح

البغض والعداوۃ فلاں بن فلاں علی بغض فلاں بن فلاں بحق واللہ غالب علی امرہ

ترکیب

نقش کو بروز منگل یا ہفتہ ساعت زحل یا مریخ میں لکھیں اور نقش کے اندر جو دعائے قہری ہے اُس کو نقش پر سات سو مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور نقش کو بکری / بکرے کے دل میں رکھ کر سیاہ رنگ کے کپڑے میں لپیٹ کر پُرانی قبر میں دفن کر دیں نقش لکھتے وقت نیم کے پتے اور کالی مرچ منہ میں رکھیں اور نقش مکمل کر کے پیاز اور لہسن کے چھلکوں کی دھنی دیں انشاء اللہ دونوں فریقین میں شدید نفرت وعداوت پیدا ہو گی یہ نقش میں مسلسل گیارہ سال سے استعمال کر رہا ہوں الحمد اللہ بہت مجرب پایا۔ یہ خاص نقش فقط ماہنامہ روحانی وجدان میں پہلی مرتبہ لکھ رہا ہوں خدارا ناجائز استعمال نہ کریں۔

امتحان میں کامیابی

انیسہ شاہ (آزاد کشمیر)

ممتحن مہربان ہو جائے

جب سبق پڑھنے، سنانے یا امتحان دینے کا وقت ہو تو یہ چار اسماء یَا حَلِیْمُ، یَا رَبُّ، یَا رَؤُفُ، یَا مَنَّانُ کو اول و آخر تین تین مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر لا تعداد مرتبہ ان اسماء کو پڑھیں اور ممتحن یا استاد کی طرف پھونک مار دیں انشاءاللہ مہربان ہو اور یہ نقش اپنے پاس رکھیں۔

۷۸۶

اللہ جل شانہ	محمد رسول اللہ	ابوبکر صدیق	عمر فاروق	عثمان ذوالنورین
علی المرتضیٰ	فاطمۃ الزہرا	خدیجۃ الکبریٰ	عائشہ صدیقہ	حسن الرضا
حسین شہید کربلا	الحسن و العباس	سعد و سعید	الطہٰ و الزبیر	و ابا عبیدہ

اللھم صل علی محمد و علی آل محمد و بارک وسلم

برائے چور

بابا اشرف (کھاریاں)

ایک مشک خالی لے کر اُس کے اوپر آیت الکرسی اور یہ سات انبیاءؑ کے نام اس طرح لکھیں

نوحؑ، لوطؑ، صالحؑ، ابراہیمؑ، موسیٰؑ، عیسیٰؑ، محمد صلوۃ اللہ علیہم اجمعین

ایک ایک نام کے ساتھ ایک ایک مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر مشک پر پھونکیں اور ہر مرتبہ آیت الکرسی پڑھنے کے بعد یہ پڑھتے جائیں

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِمَا اَرْسَلْتُ ھٰذَا اَنْ تَنْفُخَ بَطْنَ ھٰذَا السَّارِقِ کَمَا نَفَخْتُ ھٰذِا الْقُرْبَةَ

جب سات پھونکیں پوری ہو جائیں تو مشک کا منہ باندھ کر لٹکا دیں چور کا پیٹ بہت سخت پھول جائے گا اور چوری کیا ہوا مال واپس دے گا۔

یہ میرا ذاتی اور مجرب عمل ہے بلا وجہ کسی کو ناجائز تنگ نہ کریں اور بطور دکھاوا اس عمل کے کرنے کی ممانعت ہے۔ عمل کے بعد حسب توفیق نیاز ضروری ہے۔

گاڑی کی حفاظت کے لئے

غلام شبیر جیلانی (اسلام آباد)

طریقہ

س تعویز کو تدیس عطارد ویورانس کے وقت کالی یا نیلی سیاہی سے لکھیں اور حسب توفیق فاتحہ دے کر ایک اپنے بازو پر باندھیں اور ایک گاڑی میں ڈرائیور والی سائیڈ لگائیں انشاءاللہ گاڑی ٹوٹ پھوٹ سے محفوظ رہے گی اور روزگار بھی ملے گا۔

یَاوَلِیُّ یَالطیف

۴۰	۲۳	۱۳	۴۵	۳۵	۱۸	۱
۳۲	۱۵	۵	۳۷	۲۷	۱۰	۴۹
۲۴	۱۴	۴۶	۲۹	۱۹	۲	۴۱
۱۶	۶	۳۸	۴۸	۱۱	۴۳	۳۳
۸	۴۷	۳۰	۲۰	۳	۴۲	۲۵
۷	۳۹	۲۲	۱۲	۴۴	۳۴	۱۷
۲۸	۳۱	۲۱	۴	۳۶	۲۶	۹

یَاوَلِیُّ یَالطیف

یَاوَلِیُّ یَالطیف

ملازمت کے لئے

پروفیسر سید علی حسین شاہ (لاہور)

اَجِبُ یَاجِبْرَائِیل بِحَقِّ یَابَاسِطُ

ترکیب: اس عزیمت کو روزانہ 3250 بار بعد نماز عشاء پڑھیں اور درود شریف کو 101 بار اور نماز فجر کے بعد سات مرتبہ درود تاج پڑھا کریں ایک ہفتہ کے اندر اندر ملازمت مل جائے گی۔

درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
وَعَلٰی اَھْلِ بَیْتِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

اور نقش کو ساعت مشرتی نوچندی جمعرات کو سرخ رنگ کے کاغذ پر لکھ کر اپنے گلے میں ڈالیں اور ہر جمعرات کو اگربتی کی خوشبو دیں ملازمت کے لئے ترقی رزق کے لئے بھی نہایت مجرب ہے۔صبح وشام بمعہ درود شریف 72،72 بار پڑھا کریں تو دست غیب حاصل ہوگا ایسی جگہ سے روزی آئیگی جہاں سے وہم وگمان بھی نہ ہوگا۔مجرب اور آزمودہ ہے۔

اجب یا جبرائیل ۷۸۶ بحق یاباسط

۶۹۳	۶۹۶	۶۹۹	۶۸۶
۶۹۸	۶۸۷	۶۹۲	۶۹۷
۶۸۸	۷۰۱	۶۹۴	۶۹۱
۶۹۵	۶۹۰	۶۸۹	۷۰۰

اجب یا جبرائیل بحق یاباسط

اجب یا جبرائیل بحق یاباسط

علمائے منجمین اور رمال کا متفقہ نظریہ

برجوں پر ستاروں کے اثرات ہر شخص پر الگ الگ رونما ہوتے ہیں ہر شخص کے زائچہ کے مختلف شعبوں پر ستاروں کے مختلف اثرات ہوتے ہیں۔ ہر ستارے کی ایک اپنی انرجی، فطرت اور مخصوص اثرات ہیں اور اسی فطرت کے مطابق وہ آپ کے زائچہ میں زندگی کے اُن شعبوں پر اثر انداز ہوتا ہے کہ جس میں سے وہ گزر رہا ہوتا ہے۔ لہذا ہر شخص کے لیے الگ زائچہ سے احکام لگانا مؤثر ہے یہاں ہم اقبال احمد نوریؒ کی بروج کے حوالہ سے تقسیم حرف بہ حرف آپ قارئین تک پہنچا رہے ہیں۔ یہ فقط علمی معلومات کے لیے ہے۔ مستند رہنمائی کے لیے علم نجوم کی روشنی میں ہر شخص اپنا الگ زائچہ بنوا کر رہنمائی لے سکتا ہے۔ دعا گو پیر اویس جعفری (ماہر روحانیات)

دعا دفع رجعت و نحوست سیارگان

بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ يَا اللهُ يَا رَحۡمٰنُ يَا رَحِيۡمُ دِلۡ مَارَا کُن مُسۡتَقِيۡم بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعۡبُدُ وَاِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡن
يَا هَادِیۡ بِحَقِّ اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡم يَا حَافِظُ احۡفِظۡنِیۡ مِنۡ نُحُوسَاتِهِمۡ وَنُحُوسَاتِ الزُّحَلِ وَالۡمُشۡتَرِی
وَالۡمِرِّيۡخِ وَالشَّمۡسِ وَالزُّهۡرَةِ وَالۡعَطَارَدِ وَالۡقَمَرِ وَالرَّاسِ وَالذَّنۡبِ بِحَقِّ لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِيۡم

اول و آخر تین، تین مرتبہ کوئی بھی درود پڑھ کر سات مرتبہ دعا کو روزانہ پڑھیں۔ بچوں کے لیے والدین بھی پڑھ سکتے ہیں۔ میری طرف سے آپ کو اس دعا کی عام اجازت ہے۔

طریقہ

جن قارئین کو اپنی صحیح تاریخ پیدائش یاد نہیں اُن کے برج معلوم کرنے کا یہ مختصر طریقہ بہت کارآمد ہے زندگی کے مختصر حالات جاننے کے لیے یہ ترکیب آزمائیں۔
جس کا برج دیکھنا ہو اُس کے اور اُس کی والدہ کے اعداد حروف ابجد سے جمع کر کے بارہ پر تقسیم کر دیں اگر 1 بچے تو برج حمل، 2 بچے تو ثور، 3 بچے تو جوزا، 4 بچے تو سرطان، 5 بچے تو اسد، 6 بچے تو سنبلہ، 7 بچے تو میزان، 8 بچے تو عقرب، 9 بچے تو قوس، 10 بچے تو جدی، 11 بچے تو دلو اور اگر 0 بچے تو برج حوت ہو گا۔

نوٹ اگر صحیح تاریخ پیدائش معلوم ہو تو اس ترکیب کو نظر انداز کر دیں۔

حروف ابجد قمری

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر
20	30	40	50	60	70	80	90	100	200
ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ		
300	400	500	600	700	800	900	1000		

ARIES

21 March
20 April

حمل

خواص طالع مرد

اس طالع کا مرد خوش طبع وخوش اخلاق ہوتا ہے۔ دو عورتیں اس کی قسمت میں ہیں مگر آرام ایک ہی سے پائے گا۔ اولاد بہت ہوگی۔ سیاہ لباس اس کے لیے نا مناسب ہے۔ اکثر بُرے کام کر کے شرمندہ ہوگا۔ آگ و پانی سے بچنا بہتر رہے گا۔ نظر بد سے اکثر نقصان پہنچے گا۔ عقیق کی انگوٹھی اس کا پہننا مفید ہوگا۔ خرید و فروخت وتجارت سے نفع ہوگا اگر کچھ نقصان ہو بھی جائے تو جلد بدل ہو جائے گا۔ زندگی کا پہلا دور تکالیف میں، دوسرا دور متوسط جبکہ تیسرا دور آرام سے گزرے گا۔ عبادت خدا میں کاہلی ہرگز نہ کرے۔ اکثر بیماری سردی و بائی سے ہوا کرے گی۔ اگر عمر چالیس برس سے گزر گئی تو نوے برس کی تصور کی جائے نیا چاند دیکھ کر درود شریف پڑھنا بہتر ہوگا۔ چوپائے جانور مثل گائے بھینس اور بکری پالنا مبارک ہوگا۔ لوح شرف مریخ کا تعویز زندگی بھر کے لیے مفید ہوگا۔

خواص طالع عورت

اس طالع کی عورت خوش رفتار، خوش گفتار، عقل منداور ہوشیار گی۔ سینہ، گردن یا بازو پر ایک تل ہوگا جو نیک بختی کی علامت ہوگی۔ جھوٹ بولنا اور امانت میں خیانت کرنا اس کو سازگار نہیں۔ جلد غضب ناک ہونا اور جلد ہی غصہ کافر د ہونا اُس کی عادت میں داخل ہوگا۔ پڑوس میں ایک شخص اُس کا دشمن ہے اُس سے ہوشیار رہے۔ اوّل عمر میں رنج و مصیبت اُٹھائے گی۔ آخر عمر آرام سے گزرے گی۔ والدین سے راحت پائے گی۔ شوہر اکثر مہربان رہے گا۔ اولاد ہوگی مگر جیئے گی کم۔ اُم صبیان مسان کا فساد رہے گا۔ دعا اور دوا کرنے سے انشاء اللہ جاتا رہے گا۔ اپنے دل کا بھید کسی نے نہ کہے ورنہ نقصان اٹھائے گی۔ تیسری اور چوتھی سال خیرت سے گزر گئی تو عمر ستر برس تصور کرنی چاہیے۔ لوح شرف مریخ گلے میں ڈالنا مبارک و بہتر ہے۔

ستارہ	مریخ
حرف	ا، ل، ع
دن	منگل
عدد	9
رنگ	سرخ، نارنجی
پتھر	ہیرا، سرخ عقیق یاقوت، مرجان

خواص طالع مرد

اس طالع کے مرد پر نشانی دولت مند و عیش وعشرت اور کامرانی کی ہے۔ نکاح کی خواہش بہت کرے گا لیکن عمدہ عورت ایک ہی سے کاروائی ہوگی۔ شرح کے خلاف کام نہ کرے تاکہ اس کا کام مرضی کے مطابق پورا ہو۔ چارپایوں سے اکثر نقصان ہوگا۔ جس کے ساتھ وفا کرے گا جفا پائے گا۔ جو کچھ کمائے گا خرچ کر ڈالے گا۔ اولاد بہت ہوگی۔ اکثر آنکھ کی بیماری میں مبتلا رہے گا۔ شعبان کا مہینہ طلب حاجت کے لیے بہت مناسب ہوگا۔ بیماری اکثر معدہ، صفراء اور درد کمر و سینہ سے ہو گی۔ پہلا اور چوتھا سال خیرت سے گزر گیا تو عمر انشاء اللہ اسی برس تصور کرنی چاہیے۔ سفر میں بہت فائدہ ہوگا۔ حج کعبہ اُس کے نصیب میں ہے۔ آخر عمر میں دولت ہاتھ آئے گی۔ گلے میں لوح شرف زہرہ پہننا نہایت مفید ہوگا۔

خواص طالع عورت

اس طالع کی عورت خوش خلق، نیک سیرت، عقل مند، خوش سخن و دستکار ہوگی۔ چاہے کسی کے ساتھ کتنا ہی سلوک کیوں نہ کرلے بدلہ برائی سے پائے گی اس کے حق میں یہ بات اچھی نہیں کہ جو کچھ دل میں آتا ہے بغیر سوچے سمجھے زبان پے لے آتی ہے۔ چاہیے کہ اپنا بھید کسی سے نہ کہے۔ ایک شخص نیلی آنکھوں والے سے اُس کو نقصان پہنچے گا۔ قرض دینا پسند کرے گی مگر قرض لینا پسند نہ کرے گی۔ کبھی کبھی مثل آتش کے گرم اور غصے میں آپے سے باہر ہو جائے لیکن جلد ہی ٹھنڈا پڑ جانا اُس کی عادت میں شامل ہوگا۔ ماں باپ سے اتنی راحت پائے گی کہ دیگر بہن بھائی اُسے دیکھ کر خار کھائیں گے۔ شوہر مہربان ہوگا۔ آخری حصہ بہتر گزرے گا کبھی کبھی کمر کی شدت کا درد اور شانہ کا نپنا یہ شکایت رحم کی خرابی کے سبب ہوگی۔ اولاد بہت ہوگی مگر کم جیئے گی۔ اُس کو چاہیے کہ اپنی سر کی کنگھی اور خاص جسم کا کپڑا کسی کو نہ دے۔ دو اور چھ برس کی عمر خیرت سے گزر گئی تو عمر ساٹھ برس تصور کرنی چاہیے۔ شعبان کا مہینہ نیک کاموں کے آغاز کے لیے مفید ہوگا۔ گلے میں لوح شرف زہرہ پہننا بہتر ہوگا۔

ستارہ	زہرہ
حروف	ب، و
دن	جمعہ
عدد	6
رنگ	نیلا، سبز
پتھر	سبز پکھراج اوپل

خواص طالع مرد

اس طالع کا مرد بامروت، خوش عادت، ہوشیار اپنوں اور پڑوسیوں سے نیکی کرے گا لیکن بدلہ برائی سے پائے گا۔ بزرگوں کی صحبت اُس کے حق میں مفید ہے۔ حرام مال سے پرہیز کرے ورنہ ایک روپے حرام کا سو روپے لے کر جائے گا۔ سفر میں تکلیف اُٹھائے گا۔ مال بہت ہاتھ آئے گا یا توجہ کرے گا یا کوئی ایسا کام جس سے حج کا ثواب پائے گا۔ حضور نبی کریم ﷺ کی خواب میں زیارت نصیب ہوگی۔ باغ و کھیتی سے فائدہ ہوگا۔ اولاد بہت ہوگی مگر اُن کی طرف سے دُکھی رہے گا۔ بلغمی امراض، دردِ سر اور دردِ سینہ کی تکلیف اکثر رہے گی۔ شہد اور کلونجی صبح نہار منہ کھانا مفید ہوگا۔ زرد اور نیلی آنکھوں والے سے خطرہ رہے گا۔ قبلہ کی طرف سفر کرنا مبارک ہے۔ دوسرے اور پانچویں برس کی تکلیف سے بچ گیا تو انشاء اللہ عمر اس کی نوے برس ہوگی۔ گلے میں لوح شرف عطارد پہننا مبارک ہے۔

خواص طالع عورت

اس طالع کی عورت گندم گوں، بلند قد، نیک زبان، رحم دل، خوش گفتار اور ہر دل عزیز ہوگی۔ کسی عضو میں ایک تل یا نشان رکھتی ہے وہ نیک بختی کی نشانی ہے اپنوں اور پڑوسیوں سے نیکی کرے گی۔ عوض میں بدی پائے گی اسے چاہیے کہ اپنے دل کا بھید کسی کو نہ دے۔ دشمن بکثرت ہیں۔ خاص کر جس نے دو شوہر کیے ہیں کوتاہ قد سیاہ چشم اس سے بہت بغض رکھتی ہیں۔ یہ دوست دشمن کو نہیں پہچانتی جو کچھ دل میں آتا ہے کہہ ڈالتی ہے ہمیشہ اس کے کام ابتر رہیں گے چاہیے کہ خدا تعالیٰ سے دعا مانگتی رہے اور نماز میں کاہلی نہ کرے تاکہ ستارے کی نحوست اور اپنی مراد کو پہنچے۔ اکثر سردی اور خشکی کے سبب زانوں اور پیڑو میں درد ہونے کا امکان ہے۔ ہریڑ کا مربہ یا گلقند دو تولہ سوتے وقت نیم گرم پانی سے کھانا مفید ہوگا۔ کسی سے عداوت پیدا ہو جائے گی۔ بارہ اولادیں قسمت میں ہیں مگر کم جئے گی اور آسیب سے مضرت پہنچے گی بدھ کے دن سر نہ دھویا کرے نیا چاند دیکھ کر پانی کو دیکھے اگر دو برس یا سولہ برس کی عمر کی بیماری سے محفوظ رہی تو عمر اسی برس تصور کی جائے گی۔ گلے میں لوح شرف عطارد پہننا مفید ہے۔

GEMINI

22 May
21 June

جوزا

ستارہ	عطارد
حروف	ق، ک
دن	بدھ
عدد	5
رنگ	پیلا، گولڈن
پتھر	زمرد، فیروزہ

خواص طالع مرد

اس طالع کے مرد کی دو صورتیں ہیں۔ اول سانولے رنگ کا طاقتور دوسرا گورا چٹا نحیف اور کمزور لیکن دونوں صورتیں۔ دولتمندی کی نشانی ہیں۔ سفر بہت کرے گا اور فائدہ بھی کمائے گا۔ البتہ وفا کا بدلہ جفا سے پائے گا۔ اس کے بدگو بہت ہوں گے۔ زندگی کا ابتدائی حصہ پریشانی میں گزرے گا اور بقیہ حصہ آرام و راحت میں انجام بہرحال بخیر ہوگا۔ اگر رنج وغم میں گھبرائے نہیں اور یقین رکھے کہ خدا کارساز ہے تو سب کام انشاء اللہ آسان ہو جائیں گے۔ سینہ اور اعضاء پر ایک تل ہیں وہ مبارک ہے۔ بھائیوں اور دوستوں سے محبت کرے گا۔ وفا پائے گا۔ ماں باپ سے جدا ہو جائے گا۔ نکاح کئی کرے گا لیکن ایک سے کار روائی ہوگی اور اولاد بہت ہے۔ لیکن او پر ہی خلل کا اندیشہ رہے گا۔ بیماری اکثر درد کمر اور سرد ہواؤں سے ہوگی۔ حاسد بہت ہوں گے لیکن کوئی کچھ بگاڑ نہ سکے گا۔ سفید لباس پہننا مناسب ہوگا۔ اس کے لیے ماہ ربیع الاول دن سینچر ہر کام کے لیے بہت مبارک ہوگا۔ نیا چاند دیکھ کر پانی پر نظر کرنا بہت بہتر ہوگا۔ اگر کسی سے کچھ لینا ہو تو داہنی طرف کھڑا ہو۔ ساتویں اور اٹھارہویں برس خیرت سے گزر گئے تو نوے برس کی عمر تصور کرنا چاہیئے۔ گلے میں لوح شرف قمر پہننا مبارک ہے۔

خواص طالع عورت

اس طالع کی عورت میانہ قد، ابرو کشیدہ، چالاک ہوگی۔ سینہ پر یا اور اعضاء پر نیک بختی کا نشان ہوگا جس قدر بزرگ ہوگی کام بھی بزرگ ہوگا۔ عمر بھر میں دو مرتبہ نحس ستارے کے سبب سے پریشانی میں مبتلا ہو جائے گی۔ دشمن اور بدگو بہت ہوں گے۔ ظاہر میں لوگ دوستی کریں گے باطن میں دشمنی بدنظر سے مال اور اولاد کا نقصان اُٹھائے گی۔ اپنی بات میں سچی ہوگی جھوٹ کو دشمن سمجھے گی کسی قسم کا حرام مال اس کو سزاوار نہیں۔ ایک بڑی بھاری مصیبت قسمت میں ہے۔ دشمنی اور بدگوئی اس کے حق میں پہلے اس کے اپنوں ہی سے نکلے گی۔ والدین سے نفع کم پائے گی۔ اپنے دل کو حال کسی کو نہ کہے گی۔ اس پر تہمت اور افتراء بہت ہوگا۔ رنج بہت اُٹھائے گی۔ اولاد ہوگی مگر جئے گی کم۔ بیماری اکثر سردی خشکی اور درد کمر سے ہوگی۔ چھاچھ اور کھٹائی سے پرہیز کرے۔ گل سرخ شہد کے ساتھ معجون کر کے کھائے۔ ایک شخص نیلی آنکھ والا اس کے اور اس کے شوہر کے درمیان دشمنی کرا دے گا کبھی کبھی شوہر کے ساتھ زبان درازی بھی کرے گی۔ چاہیے کہ اس کو ترک کرے، نماز میں کاہلی نہ کرے عمر تیس یا اسی سال تک۔ اس کے لیے شوال کا مہینہ منگل کا دن ہر کام کے لیے مبارک ہوگا۔ گائے بھینس کا ہونا اور سبز رنگ کا لباس اس کے لیے مبارک ہوگا۔ گلے میں لوح شرف قمر پہننا مفید ہے۔

CANCER

22 June
23 July

سرطان

ستارہ	قمر
حروف	ح، ہ
دن	پیر
عدد	2
رنگ	دودھیا
پتھر	درِ نجف سفید مرجان

خواص طالع مرد

اس طالع کا مرد سفید، خوش رو خوش سخن، ابرو کشیدہ، بزرگوں کے حضور چرب زبانی اور تند خوئی سے پیش آئے گا اور خیال نہ کرے گا کہ میں نے کیا کہا۔ لہو و لعب کھیل کود کو دوست رکھے گا۔ ایک بڑا بھاری رنج بھی اس کو پہنچے گا کسی کی ضمانت کرنا اچھا نہیں۔ اعضاء پر نیک بختی کا نشان ہے۔ بزرگ لوگ اس کی بات کو معتبر سمجھیں گے۔ مال و اسباب بہت کمائے گا لیکن خرچ کر ڈالے گا۔ اپنی سادگی کے سبب دشمن کو بھی دوست جانے گا۔ دشمن بہت ہوں گے۔ چاہیے کہ کسی سے بھی اپنے دل کا بھید نہ کہے۔ ماں باپ اس سے پہلے انتقال کر جائیں گے۔ اولاد کم۔ بیماری اکثر درد سر، درد شکم وغیرہ سے ہوگی۔ ایک مدت تک اس کا کام اندھیرے میں پڑا رہے گا۔ پھر بعد میں سب کام درست ہو جائیں گے۔ اس کو چاہیے کہ دشمنوں کی نصیحت قبول نہ کرے۔ عمر چار برس یا طبعی ہوگی۔ اتوار کا دن سرخ لباس، گائے، بیل اور بکری اس کے لیے مبارک ہیں۔ گلے میں لوح شرف شمس کا پہننا نیک ہے۔

خواص طالع عورت

اس طالع کی عورت بلند قامت، نیک خو، خوبصورت، خوش خلق اور باعث فراخ روزی ہوگی۔ زندگی ہنسی خوشی گزرے گی مگر اوّل میں رنج و مصیبت بہت اُٹھائے گی۔ بعد میں سب بگڑے کام بن جائیں گے۔ آتش مزاج ہوگی۔ کبھی کبھی شوہر سے زبان درازی بھی کرے گی۔ نماز میں کاہلی ہرگز نہ کرے۔ ایک شخص اس کے مال میں خیانت کرے گا۔ ہوشیار رہے۔ والدین سے اوسط نفع رہے گا۔ اولاد ہوگی مگر شاید کم جئے گی۔ درد کمر، خشکی اور دو زانوں وغیرہ سے بیمار رہے گی۔ گل قند کھایا کرے۔ نیا چاند دیکھ کر سنہری روپہلی چیز دیکھے عمر طبعی ہوگی۔ گلے میں لوح شرف شمس پہننا مفید ہے۔

LEO

23 July
23 August

اسد

ستارہ	شمس
حروف	م
دن	اتوار
عدد	1
رنگ	سنہری، زرد
پتھر	یاقوت، ہیرا

خواص طالع مرد

اس طالع کا مرد میٹھی زبان والا ہوگا۔ مگر اس کو جھوٹ بولنا ہرگز سزا وار نہیں۔ راست گوئی اور سچائی سے فائدہ دیکھے گا۔ نماز میں سستی و کاہلی نہایت مضر ثابت ہوگی۔ غصہ کو ضبط کرنا بہتر ہوگا کسی سے شرکت کرنا بہتر نہیں۔ اکثر کاموں میں غصہ جلد آئے گا لیکن فوراً جاتا رہے گا۔ مال بہت جلد بات کہنے میں پیدا کرے گا لیکن صرف کر ڈالے گا۔ بدن میں ایک نشان ہوگا جو دولت و اقبال کی نشانی ہے۔ دشمن اور بدگو بہت ہوں گے۔ لوگ اس کے سامنے تو نیکی سے پیش آئیں گے اور پیٹھ پیچھے برائی کریں گے۔ لیکن وہ کچھ بگاڑ نہ سکیں گے۔ چار پائے قسمت میں بہت ہیں۔ ماں باپ سے میراث کم ملے گی۔ بہن بھائی سے جدائی اختیار کرے گا۔ دو عورتوں سے نکاح کرے گا۔ اولاد ہوگی جو کم جئے گی۔ زندگی کا پہلا دور قدرے تکلیف اور آخری دور نہایت اچھا گزرے گا۔ عمر پانچ برس یا طبعی ہوگی۔ رجب کا مہینہ، سبز لباس، چار پائے زرینہ مبارک ہوں گے۔ گلے میں لوح شرف عطارد پہننا مبارک ہے۔

خواص طالع عورت

اس طالع کی عورت خوش شکل، آبرو کشیدہ، رنگ سرخ و سفید اور اعضاء پر ایک تل عزت و آبرو کی نشانی ہے۔ اپنے بعض عزیزوں سے جدا ہو جائے گی۔ دوست بہت ہوں گے۔ ایک شخص بلند قد، سانولا رنگ سبزی مائل اسکا دشمن ہے اس سے ہوشیار رہے۔ جھوٹ بولنا اس کو سزا وار نہیں ہوگا اس پر بہتان بہت ہوگا لیکن کوئی کچھ بگاڑ نہ سکے گا۔ جاہل آدمیوں کے پاس نہ بیٹھے، کچھ دنوں کسی ایسی چیز کی تمناء میں دل بستگی رہے گی جس کا ترق وحصول دونوں غیر ممکن ہوں گے۔ بھید اپنا کسی سے نہ کہے تو مرادیں جلد حاصل ہوں گی۔ والدین نہایت محبت کریں گے۔ بہن و بھائی اذیت و تکلیف پہنچائیں گے۔ اس کا قدم شوہر کے لیے مبارک ہوگا۔ طاق اولاد قسمت میں ہے۔ عمر طبعی ہے۔ گلے میں لوح شرف عطارد پہننا نیک ہے۔

VIRGO

24 August
23 September

سنبلہ

ستارہ	عطارد
حروف	پ، غ
دن	بدھ
عدد	5
رنگ	سبز
پتھر	زمرد، فیروزہ

LIBRA
میزان
24 September
23 October

ستارہ	زہرہ
حروف	ر، ت، ط
دن	جمعہ
عدد	6
رنگ	نیلا
پتھر	اوپل، سفید پکھراج

خواص طالع مرد

اس طالع کے مرد کی تین صورتیں ہیں ۔اوّل سرخ وسفید ،ابروکشیدہ ۔دوسرا بلند کامت ،تیسرا غمگین چہرہ ،خوش خلق اگرچہ کسی پر اپنی جان بھی قربان کردے گا۔تب بھی کوئی اس کی قدرو منزلت نہ کرے گا۔کسی کی ضمانت نہ کرے ۔تجارت سے نفع پائے گا۔گردن یا بازو پر ایک تل ہے جو نیک بختی کی علامت ہے ۔اپنا خواب کسی سے نہ کہے ۔رسول کریمؐ کی زیارت خواب میں نصیب ہو ۔اپنا مطلب و مراد حاصل کرے گا۔خدا کا شکر بجالانا چاہیئے ۔اس کا ستارہ نیک ہے ۔عبادت خدا میں کاہلی نہ کرے ۔اپنے دل کا بھید کسی سے نہ کہے ۔کیونکہ دشمن اور بدگو بہت ہیں ۔حرام مال اپنے مال میں نہ ملائے اور نہ اس کی طرف توجہ کرے کہ سزاوار نہیں ۔اگر ایک پیسہ حرام کا پیدا کرے گا تو دس پیسے حلال میں سے جاتے رہیں گے ۔اپنے کسی کام میں ہمت نہ ہارے خدا کے نام سے ہر کام شروع کرے ،زندگی خوب گزارے گا۔ماں باپ اس سے پہلے مرجائیں گے ۔قسمت میں اولاد بہت ہے چھوٹے لڑکے سے آرام پائے گا۔بہن بھائی سے وفا کم ،عمر آٹھ برس یا نوے برس تصور کرے ۔رمضان کا مہینہ نیلا لباس مبارک ہے ۔گلے میں لوح شرف زہرہ پہننا نیک ہے ۔

خواص طالع عورت

اس طالع کی عورت کے اعضاء پر ایک نشان ہوگا وہ اقبال کی نشانی ہے ۔فراخ روزی ہوگی ،زندگی عیش و شادمانی میں گزرے گی ۔ایک زمانہ سختی کا اس کے سر پر گزرنے والا ہے ،دشمن اور بدگو بہت ہیں لیکن کوئی غالب نہ ہوگا۔ایک مدت تک کسی ایسی چیز کی تمنا میں دل بستگی رہے گی جس کا چھوڑنا اور ملنا ممکن نہ ہوگا۔ چاہیے کہ عفت اور پاکدامنی اختیار کرے تو بگڑے کام سنور جائیں گے ۔اوّل مصیبت آخر کو عیش ہے ۔آتش مزاج کی وجہ سے گستخانہ الفاظ کہہ بیٹھتی ہے ترک کرنا چاہیے ،حرام چیز سے بالکل پرہیز کرے ،شوہر مہربان رہے گا۔بیماری اکثر بلغم وصفراء سے ہوگی ۔آنکھوں کے نیچے اندھیرا سا معلوم ہونے لگے گا۔اکثر ایسی حالت رہے گی کہ نہ تو بیمار ،نہ تندرست ۔دعا مانگنے سے سب مرادیں حاصل ہوں گی ۔عمر تین یا نو برس یا طبعی ہوگی ۔رنگ دار کپڑے مبارک ہوں گے ۔گلے میں لوح شرف زہرہ پہننا مناسب ہے ۔

SCORPIO
عقرب
24 October
22 November

ستارہ	مریخ
حروف	ن، ی
دن	منگل
عدد	9
رنگ	سرخ
پتھر	مرجان

خواص طالع مرد

اس طالع کا مرد سفید پوش ،بلند قامت ،حاکموں کے سامنے چرب زبان اور خوش نصیبی کا یہ عالم ہوگا کہ اگر مٹھی میں مٹی بھی لے گا تو سونا بن جائے گی ۔اولاد اور بیوی سے بہت فائدہ پائے گا۔حج یا عمرہ کرے گا یا کوئی ایسا کام کرے گا جس سے حج کا ثواب ہو ۔زندگی بہت ہوگی ۔لوگوں میں عزیز اور بزرگ ہوگا۔بے غم واندوہ عمر گزارے گا ۔عزیزوں سے فائدہ ہوگا۔ماں باپ سے کم نفع پائے گا۔بیماری اکثر درد شکم وناف اور قولنج سے ہوگی ۔میٹھے انار کا اکثر استعمال مفید ہوگا۔نماز شرح کی پابندی قسمت میں چار چاند لگادے گی ۔لڑکپن میں آگ اور پانی سے خوف ہے ۔دشمن اگرچہ بہت ہیں مگر غالب نہ ہوں گے ۔البتہ ایک شخص دبلا پتلا اس کا دشمن ہے اس کے فریب سے بچتا رہے ۔ابتدائی عمر میں ایک سخت مصیبت پیش آئے گی لیکن عاقبت بخیر ہوگی ۔عمر تیس برس یا طبعی ہوگی ۔گلے میں لوح شرف مریخ کا پہننا مبارک ہے ۔

خواص طالع عورت

اس طالع کی عورت خوش مزاج ،خوش رفتار اور سینہ پر ایک تل یا نشان رکھتی ہے جو کہ نیک بختی کی نشانی ہے ۔روز بروز اس کا ستارہ ترقی پر ہے ۔رنج ومحنت بہت اُٹھائے گی ۔اس کو چاہیے بڑوں کی نصیحت قبول کرلیا کرے اور دل کا بھید کسی سے نہ کہے ۔کسی سے دھوکہ بھی اُٹھائے گی ۔صبر کرے اور غصہ کو ترک کرے زندگی ہنسی خوشی گزارے گی ۔وادی اور سردی معدہ وغیرہ کے سبب اکثر بیمار رہے گی ۔اس کے ساتھ درد سر وکمر ،دل کا کانپنا اور جسم میں سنسنی اور بوجھ سا محسوس ہونے کی شکایت بھی کثرت سے رہے گی ۔والدین سے فیض پائے گی ۔بہن بھائی سے وفا کم اولادیں کئی ہیں لیکن آرام ایک سے ہی پائے گی ۔عمر تیس سال یا طبعی ہوگی ۔گلے میں لوح شرف مریخ پہننا مؤثر ہوگا۔

SAGITTARIUS

قوس

23 November
21 December

ستارہ	مشتری
حروف	ف
دن	جمعرات
عدد	3
رنگ	سبز
پتھر	فیروزہ، نیلم

خواص طالع مرد

اس طالع کا مرد خوش رو خوش مزج خوش لباس، فراخ روزی، اوّل عمر میں پریشانی اور ابتری حاصل ہے آخری عمر میں درستی اور بہبودی ہوگی۔ مال بہت جمع کرے گا۔ چوپائے جانوروں سے نفع پائے گا۔ حرام سے نقصان پہنچے گا۔ دوستوں سے راحت و آرام۔ ماں باپ سے روزی کم بھائیوں، بہنوں سے منافقت، اولاد کی طرف سے خوشحال۔ دنیا رنج و غم سے فارغ البال۔ بیماری اکثر آسیب پائے گی۔ دریا کا سفر مبارک ہوگا کوئی کام بند نہ ہوگا۔ حضور پرنور ﷺ کی خواب میں زیارت نصیب ہو گی۔ دنیا اور دین کی سب مرادیں حاصل ہوں گی۔ دوست بہت ہوں گے۔ کوئی دشمن کچھ نہ بگاڑ سکے گا۔ نیا چاند دیکھ کر درود ابراہیمی پڑھنا بہتر ہوگا۔ عمر تیس سال یا طبعی ہوگی۔ گلے میں لوح شرف مشتری پہننا مبارک ہوگا۔

خواص طالع عورت

اس طالع کی عورت کی تین صورتیں ہیں۔ اول سفید رنگ کی، فراخ روزی دوسرے خوش خلق تیسرے غریب دوست اور مہربان۔ پہلو میں کوئی تل یا نشان ہے وہ دولت کی نشانی ہے، وسیع القلب اور خدا کی طرف دل کو رجوع کرنے والی بات کی سچی جھوٹوں کی دشمن اس کو ایک نقصان پہنچے گا مگر اللہ تعالیٰ عوض عطا فرمائے گا۔ کسی ایسی جگہ سے فائدہ ہوگا جہاں سے گمان بھی نہ ہو خیانت نہ کرے۔ عبادت خدا میں غفلت نہ برتے ہر مراد آسانی سے حل ہو جایا کرے گی۔ جس سے دوستی کرے گی دشمنی پائے گی۔ دشمن بہت ہیں۔ بعض وقت بہت مایوس ہو جایا کرتی ہے اور اپنی موجودہ زندگی سے گھبرا کر موت کو ترجیح دینے لگتی ہے۔ صبر کرنا چاہیے سارے کام بن جائیں گے۔ والدین سے معمولی فائدہ اور بہن بھائی سے خوشی و راحت حاصل ہوگی۔ بیماری اکثر رطوبت صفراء معدہ اور اندرونی مسائل سے ہوگی۔ عمر چار یا سات برس یا اسی برس تصور کرے۔ گلے میں لوح شرف مشتری پہننا نیک ہے۔

CAPRICORN

جدی

22 December
20 January

ستارہ	زحل
حروف	ز، ذ، ظ، گ س، ح، ج
دن	ہفتہ
عدد	7
رنگ	نیلا، سیاہ
پتھر	سیاہ عقیق، نیلم

خواص طالع مرد

اس طالع کا مرد نیک خلقت، سخن گو اور چرب زبان ہوگا۔ اپنے دل کا بھید کسی سے بھی نہ کہے گا۔ نماز میں کاہلی نہ کرے۔ حرام اور ناجائز مال کی طرف توجہ نہ کرے ورنہ نقصان اُٹھائے گا۔ راستی سچائی سے فائدہ مند ہوگا۔ حصول دنیا کیے لیے بہت کوشش کرے گا مگر وہی ملے گا جو نصیب میں ہوگا۔ لوگوں پر اپنی جان بھی فدا کردے گا تب بھی کوئی اُس کی قدر نہ جانے گا۔ آخر عمر میں مال بہت آئے گا۔ دفینہ بھی نصیب میں ہے۔ چار پایوں سے نقصان اُٹھائے گا۔ اولاد نصیب میں بہت ہے۔ زندگی دراز ہے۔ قرض دینا اچھا نہیں شراکت داری بہتر ہے مگر خیانت نہ کرے۔ ماں باپ سے جدائی وراثت کم ملے بہن بھائی خدمت گار ہوں گے۔ بیماری اکثر دوزانوں کے امراض سے ہوگی۔ نیا چاند دیکھ کر قرآن پاک کا دیکھنا بہتر ہے۔ نیک کام کے لیے ربیع الاول کا مہینہ مبارک ہوگا۔ عمر چار یا اٹھارہ برس کی بیماری سے محفوظ رہا تو عمر اس کی سو برس تصور کی جائے۔ گلے میں لوح شرف زحل پہننا مفید ہوگا۔

خواص طالع عورت

اس طالع کی عورت بامروّت، ہوشیار اور فراخ روزی ہوگی۔ دلی بھید کسی کو نہ بتائے۔ سچائی پسند ہے۔ کسی ایسی شے کی محبت میں مبتلا ہو جائے گی جو نہ تو اس کو مل سکتی ہے اور نہ ہی یہ اسے چھوڑ سکتی ہے۔ ہمیشہ فکر و اندیشہ میں رہتی ہے۔ اکثر مایوس ہو جایا کرتی ہے۔ چند روز صبر کرنے کے بعد مُراد مل جاتی ہے۔ پڑوسیوں سے محبت کرے مگر بدلے میں بدی پائے گی۔ کبھی کبھی شوہر سے رنجش ہو جایا کرے گی۔ بیماری اکثر رحم کے خلل سے پیدا ہوگی۔ آنکھوں کے نیچے اندھیرا چھانے لگے گا اور دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی ہے۔ بدن میں سستی اور کاہلی رہتی ہے۔ کھٹی چیزوں سے پرہیز کرے سونٹھ کو شہد میں ملا کر کھایا کرے۔ عمر طبعی ہے۔ نیا چاند دیکھ کر سورۃ نصر پڑھنا مبارک ہوگا۔ گلے میں لوح شرف زحل پہننا مؤثر ہوگا۔

AQUARIUS

21 January
19 February

دلو

ستارہ زحل

حروف س، ش، ث، ص

دن ہفتہ

عدد 4

رنگ نیلا

پتھر لاجورد، نیلم

خواص طالع مرد

اس طالع کا مرد دولت مند، پاکدامن جس قدر بزرگ ہوتا جائے گا اُس کا کام نیک ہوتا جائے گا۔ اپنے دل کا حال کسی سے نہ کہے کیونکہ دشمن اور بدگو بہت ہیں۔ ایک بڑا بھاری رنج اُٹھائے گا۔ کسی کی ضمانت کرنا بہتر نہیں۔ تہمت و بہتان بہت لگیں گے۔ چاہیے کہ خدا پر بھروسہ رکھیں اور صبر کرے۔ خرید و فروخت اور زراعت اس کے حق میں بہتر ہے۔ زندگی عیش و عشرت سے گزرے گی۔ مال بہت کمائے گا۔ دو عورتوں سے نکاح کرے گا۔ اگر کوئی غلطی کرے گا تو فوراً توبہ کرے گا۔ دل میں کینہ و بغض کسی کے لیے نہ رکھے گا۔ علم میں حریص ہوگا۔ عمر چھ برس یا نوے برس تصور کرنی چاہیے۔ گلے میں لوح شرف زحل پہننا مبارک ہوگا۔

خواص طالع عورت

اس طالع کی عورت جاذب نظر اور بامروت و کامران ہوگی۔ اس پر تہمت و بہتان بہت ہوگا لیکن عزت میں فرق نہ آئے گا۔ عمر اچھی طرح کٹے گی۔ البتہ درمیان میں کچھ دن پریشانی میں گزریں گے۔ والدین سے نفع اوسط۔ بہن بھائی سے وفا کم اور شوہر مہربان ہوگا۔ نیا چاند دیکھ کر سورۃ فاتحہ پڑھنا نیک ہے۔ گلے میں لوح شرف زحل پہننا اکسیر ہوگا۔

PISCES

20 February
20 March

حوت

ستارہ مشتری

حروف د، چ

دن جمعرات

عدد 3

رنگ نیلا، سبز

پتھر زرد عقیق، زرد پکھراج

خواص طالع مرد

اس طالع کا مرد بلند قامت، خوش کلام، گندمی رنگ، خوش سخن اور خوش خلق ہوگا۔ نوادرات (عجیب و غریب چیزوں پر) جان فدا کرے گا۔ دشمن بہت ہوں گے۔ اکثر غیبت کریں گے۔ اپنی بات جو لوگوں سے کہے گا لوگ قبول کریں گے۔ اپنی سادہ لوحی کے سبب دوست اور دشمن میں تمیز نہ کر سکے گا۔ خلق کی نظر میں عزیز ہوگا۔ بُری صحبت سے پرہیز کرے گا۔ کچھ عرصہ ستارے کی نحوست کے سبب نقصان پائے گا۔ پڑوسیوں سے نیکی کرے گا۔ عوض میں بدی پائے گا۔ دو اور تیرہ برس خیر سے گزر گئے تو عمر طبعی ہے۔ نیا چاند دیکھ کر سورۃ یٰسین پڑھنا مبارک ہوگا۔ رجب کا مہینہ نیک کام کے لیے مفید ہوگا۔ گلے میں لوح شرف مشتری پہننا مفید ہوگا۔

خواص طالع عورت

اس طالع کی عورت ابرو کشیدہ اور دل عزیز ہوگی۔ رنج و غم بہت سہے گی۔ آتش مزاج، ہاتھ میں کوئی خاص گُن نہیں۔ جس سے نیکی کرے گی وہی غیبت کرے گا۔ دشمن بہت ہوں گے۔ شوہر سے کبھی خلاف نہ ہو۔ نماز میں غفلت نہ برتے۔ سب بلائیں دور ہوں اور دلی مراد حاصل ہوگی۔ دشمن پامال ہوں گے۔ اس کی زندگی اوسط گزرے گی۔ بیماری اکثر درد سر و گردن سے رہے گی۔ عمر دو برس یا طبعی۔ رمضان کا مہینہ نیک کام کے لیے اور جمعرات کا دن متبرک ہے۔ گلے میں لوح شرف مشتری پہننا نہایت کارآمد ہوگا۔

بزم خیال

محمد امتیاز (مظفر گڑھ)

سوال: پیر صاحب! میں کافی عرصہ سے بیمار ہوں اور مرض کی کچھ سمجھ نہیں آ رہی برائے کرم چیک کریں کہ کیا معاملہ ہے؟

جواب: لگائے گئے زائچہ کے مطابق آپ شدید قسم کی بندش کا شکار ہیں اور یہ بندش سحری وآسیبی اثرات بد کی وجہ سے ہے چونکہ بندش پرُانی ہونے کی وجہ سے آپ کے اثرات مرض میں تبدیل ہو چکے ہیں بندش کے خاتمہ کے لئے کسی روحانی بزرگ کی خدمات حاصل کریں۔ احقر خادم بھی روحانی خدمت کے لئے سراپا حاضر ہے۔

ابرار حسین نجفی (راولپنڈی)

سوال: پیر صاحب! حالیہ دنوں میں سفر بند ہے ایران، عراق اور شام کا سفر کب تک کر سکوں گا؟

جواب: لگائے گئے زائچہ کے مطابق آپ زیاراتِ مقدسہ کا سفر آئندہ سال کر سکیں گے دعا گوں ہو کہ اللہ جل شانہٗ آپ کو زیاراتِ مقدسہ کی حاضری جلد از جلد نصیب فرمائے۔

ضیاء الرحمان بلوچ (کراچی)

سوال: پیر صاحب! ہمارا وراثتی جائیداد کا تنازعہ چل رہا ہے اس کا تصفیہ اور ہمیں ہمارا حق کب تک مل سکے گا؟

جواب: لگائے گئے زائچہ کے مطابق اگست 2021 میں کوئی نہ کوئی آبرومندانہ تصفیہ ہو جائے گا اطمان رکھیں۔

عائشہ خان (لاہور)

سوال: پیر صاحب! میں ماڈلنگ کرتی ہوں گزشتہ چھ ماہ سے میرے ساتھ بہت عجیب وغریب واقعات رونما ہو رہیں ہیں از خود میرے بال کٹ جاتے ہیں اور نئے کپڑے بھی کٹ جاتے ہیں علاج کروا رہی ہوں مگر آفاقہ نہیں ہو رہا؟

جواب: محترمہ لگائے گئے زائچہ کے مطابق آپ حاسدین کے شر کا شکار ہیں اور بہت ہی زبردست قسم کے جادو ٹونہ اور بندش کا شکار ہیں اس کا مکمل علاج کروائیں اور اپنے پاس نقش تحفظ ضرور رکھیں۔

محمد آصف (ناروے)

سوال: پیر صاحب! میں گزشتہ تین سال سے ناروے میں مقیم ہوں اور روزگار کا بہترین سبب پیدا نہیں ہو رہا میرے لئے پاکستان واپسی بہتر ہے یا نہیں؟

جواب: لگائے گئے زائچہ کے مطابق آپ کے لئے پاکستان واپسی بہتر نہیں ہے تھوڑی تگ و دو کے بعد کام مل جائے گا۔ نقش فتح نامہ اپنے پاس رکھیں انشاء اللہ غائبانہ امداد ہو۔

حاجی محمد شریف (نواب شاہ)

سوال: پیر صاحب! میں ٹرانسپورٹ کا کام کرتا ہوں اس کام میں سے گڈز ٹرک یا آئل ٹینکر بنانا میرے لئے کیسا ہے؟

جواب: لگائے گئے زائچہ کے مطابق آپ کے لئے دونوں کام ہرگز موضوع نہیں اپنے ہی کام کو جاری وساری رکھتے ہوئے وسعت دیں۔

کوپن برائے سوال وجواب روحانی وجدان جون 2020

نام معہ والدہ ____________ تاریخ پیدائش یا اندازاً عمر ____________

1 سے 100 تک کوئی چار ہندسے (نمبر دائیں سے بائیں طرف لکھیں) ☐ ☐ ☐ ☐

سوال ____________

نوٹ: جواب طلب امور کے لئے رجسٹرڈ جوابی لفافہ ضرور ارسال کریں۔ ایک کوپن پر ایک ہی سوال لکھیں کے لئے کوپن کے ساتھ علیحدہ کاغذ کا استعمال کو سکتے ہیں۔ کوپن معہ 500 روپے زائچہ فیس روانہ کریں۔

خدانخواستہ آپ گردش ایام سے نالاں ہیں۔ زندگی سے مایوس ہو چکے ہیں۔ ناکامیوں نے دماغ کو مفلوج کر رکھا ہے۔ درست فیصلہ اور قدم اٹھانے سے بھی کام بن بن کر بگڑ جاتے ہیں۔ المختصر ذہن پراگندا اور قوت فیصلہ مفقود ہو کر رہ گئی ہے۔ گھر میں بے برکتی اور نحوست کا دور دورہ ہے۔ لاکھوں کا کاروبار تباہ ہو کر رہ گیا ہے۔ لاکھ ہاتھ پاؤں مارنے سے بھی کامیابی نہیں ہو رہی۔ قرض سے پریشان ہیں یا بیماری سے تنگ آ چکے ہیں گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑا رہتا ہے مقدمات نے الجھا رکھا ہے سحر یا جادو کا اثر ہے۔ غرض یہ کہ کوئی بھی دنیاوی پریشانی ہے۔ اس نقش مبارک فتح نامہ کو تیار کروا کر کامل اعتقاد سے پاس رکھیں۔

بحکم خدا تبدیلی حالات کے غیبی اسباب ہوں گے تھوڑے ہی عرصہ میں آپ حصول مراد کو پہنچیں گے میرا ربع صدی کے تجربات کا نچوڑ ہے۔ اس کے اثرات کبھی فیل نہیں ہوئے اپنے حالات بالتفصیل نام مع والدہ اور ہمراہ ہدیہ **3300** روپے علاوہ محصول ڈاک: ہدیہ ہر صورت پیشگی روانہ کریں۔

اس مخدوش دور حیات میں حادثات سے کوئی بھی فرد محفوظ نہیں کسی وقت کوئی حادثہ پیش آ سکتا ہے حفاظت کے لیے ایک نقش تیار کرتا ہوں جو نقش حامل کو جسمانی حادثات سے تحفظ دیتا ہے

(1) سحر و جادو اور نظر بد سے بچاتا ہے (2) اغواء سے محفوظ رکھتا ہے

(3) قتل اور غیر طبعی حادثات سے حفاظت کرتا ہے

(4) سفر کر دوران سواری اور سوار کو بچاتا ہے

(5) گھر میں رکھنے سے چوری اور ڈکیتی سے حفاظت رہتی ہے

غرضیکہ حامل نقش ہر طرح سے حفاظت میں رہتا ہے۔

ہدیہ لوح کاغذ **2800** روپے اور چاندی **5000** روپے ہدیہ ہر صورت میں پیشگی روانہ کریں۔

نقش مسرت

میاں بیوی زندگی کی گاڑی کے دو پہیے ہوتے ہیں ان میں ایک بھی توازن بگڑ جائے تو زندگی کی گاڑی ہچکولے کھاتی ہوئی رکتی جاتی ہے بالآخر ختم ہو جاتی ہے۔ وہ میاں بیوی جو اکھٹے رہتے ہوئے بھی ندی کے دو کنارے ہیں۔ جو دور افق تک ملتے نظر نہیں آتے۔

یہ نقش میرے ربع صدی کے معمولات میں سے ہے۔ ہزاروں مرد و زن اس کی بدولت یک جان ہو کر خوشگوار زندگی بسر کر رہے ہیں۔

روٹھی ہوئی بیوی یا شوہر کی بے التفاتی کی شکار خواتین کے لیے بے پناہ اثرات کا حامل ہے۔

خاوند کو بندہ بے دام اور **بیوی** کو رام کرنے کے لیے ضرورت مند خواتین و حضرات اپنے حالات مع ہر دو فریقین کے نام معہ والدہ لکھیں۔

بے رخی زندگی کو نقش مسرت سے خوشگوار بنائیں۔

ہدیہ نقش **3300** روپے ہدیہ ہر صورت میں پیشگی روانہ کریں۔

نقش صوامت

دشمن کی زبان بندی، کسی کو ناجائز گواہی سے روکنا، ناجائز تعلقات کا خاتمہ، بندش طلاق، حفاظت حمل، رشتے سے انکاری، خاوند کی مار پیٹ، رخصتی باندھنا، نکاح باندھنا، زنا باندھنا، سفر باندھنا، قبضہ باندھنا، خون بواسیر اور حیض باندھنے کے علاوہ چوری اور جھوٹ کی عادت ختم کرنے کے لیے مؤثر اور برسوں کا معمول عمل ہے جس کا نتیجہ کم سے کم **12** گھنٹے اور زیادہ سے زیادہ **72** گھنٹوں میں نمودار ہو جاتا ہے عمل تیار کروانے کے خواہشمند حضرات اپنا نام معہ والدہ اور مخالف کا نام معہ والدہ اور مقصد کے ساتھ جوابی لفافہ کے ہمراہ رابطہ کریں۔

ہدیہ لوح سکہ **5100** روپے اور ہدیہ لوح کاغذ **3300** روپے ہے ہدیہ ہر صورت میں پیشگی روانہ کریں۔

ادارہ مقیاس الروحانیات مقصود منزل جناح ٹاؤن، بنگلہ روڈ تحصیل ہارون آباد ضلع بہاولنگر
0333-2424103,0322-2424103,0345-2424103

نقش حصول انعام

جولوگ مالی مشکلات میں گھرے ہوئے ہیں اور اپنی مالی پریشانیوں کو ختم کرنے کے لیے انعامی سکیموں کا سہارا لیتے ہیں مگر بدقسمتی سے انعام اُن کے بالکل قریب سے ہو کر گزر جاتا ہے ۔قرآن کا خاص نقش جو کہ مخصوص اوقات میں تیار کیا جاتا ہے ۔اس نقش کو پرائز بانڈ میں رکھیں انشاء اللہ یقیناً آپ انعامی سکیموں میں فاتح ہوں گے اور قسمت آپ کو مالا مال کر دے گی۔

عجیب النفع چیز ہے آزمائیں اور دامن خوشیوں سے بھر لیں ۔ہدیہ نقش **7200** روپے ہدیہ ہر صورت پیشگی ارسال کریں۔

نقش نجات

یہ نقش برقی رفتار سے کام کرتا ہے اور علم جفر و قرآن کریم کی آیات کا زندہ معجزہ ہے۔ کسی ظالم شخص جو نقصان کا باعث ہو یا کسی ایسے فرد کو محلہ یا مکان سے نکالنا مقصود ہو جس کے شر سے لوگوں کی جان و مال یا عزت و آبرو کا خدشہ ہو یا کوئی مفسد ہو جسے مکان یا محلہ سے نکالنا ضروری ہے اُس کے لیے یہ نقش لاجواب ہے اور سینکڑوں مرتبہ کا تجربہ شدہ ہے۔

نقش کو آزمائیں اور ظالم و مفسد شخص سے نجات پائیں۔

ہدیہ نقش **2100** روپے ہدیہ ہر صورت پیشگی ارسال کریں۔

بچے کا نام

نام کے اثرات انسانی زندگی پر بہت زیادہ ہوتے ہیں اپنے بچے کی کامیاب زندگی گزارنے کے لیے اس کا نام علم نجوم کی روشنی میں استخراج کروائیں ہم یہ کام فی سبیل اللہ کریں گے ہمیں یہ کوپن پُر کر کے جوابی لفافہ کے ساتھ بھیجیں جس پر آپ کا مکمل پتہ تحریر ہو

تاریخ پیدائش.......... وقت پیدائش...........

مقام پیدائش.......... بچے کی والدہ کا نام...........

اسم اعظم معلوم کریں

اگر آپ اپنی زندگی کو کامیاب بنانا چاہتے ہیں تو اپنے نام کے اسم اعظم کا ورد کریں ۔اپنے نام کا اسم اعظم فی سبیل اللہ معلوم کرنے کے لیے یہ کوپن پُر کر کے جوابی لفافہ کے ساتھ بھیجیں جس پر آپ کا مکمل پتہ درج ہو۔

نام.........

والدہ کا نام.........

ادارہ مقیاس الروحانیات مقصود منزل جناح ٹاؤن بنگلہ روڈ تحصیل ہارون آباد ضلع بہاولنگر

0333-2424103,0322-2424103,0345-2424103

علم ہمزاد سیکھئے

ہر انسان کے ساتھ اُس کا مخفی جسم بھی ہوتا ہے جو کہ ظاہری آنکھوں سے نظر نہیں آتا اُسے جسم لطیف (ہمزاد) کہتے ہیں اس جسم لطیف کو تسخیر کر کے عامل ہر طرح کے کام لے سکتا ہے۔

اگر آپ بھی اس عجیب و غریب قوت کو حاصل کرنے کا شوق رکھتے ہیں تو ہم سے رجوع کریں انشاء اللہ تین چلوں کے اندر اندر آپ کا ہمزاد تسخیر ہو گا اور اس طرح آپ ایک بہت بڑی قوت کے مالک بن سکتے ہیں۔

علم ڈھایا سیکھئے

ہر شخص روحانیت سے چیزیں منگوانے، تعویزات کی حاضری، زبح جنات اور اس طرح کے دیگر کرشمات کا مداح ہوتا ہے اگر ابھی تک آپ کو علم ڈھایا کا عامل نہیں ملا تو ہم سے رجوع کریں اور $2\frac{1}{2}$ سیکنڈ، $2\frac{1}{2}$ منٹ، $2\frac{1}{2}$ گھنٹے اور $2\frac{1}{2}$ دن میں عوام الناس کو عجائب و غرائب دکھا کر محو حیرت میں مبتلا کر سکتے ہیں اور اس طرح آپ ایک پُر اسرار شخصیت کے مالک بن سکتے ہیں۔

عملیات و تعویزات کا علم سیکھئے

اگر آپ عملیات و تعویزات کا علم سیکھنا چاہتے ہیں اور کوئی رہبر آپ کو نہیں مل رہا جو آپ کی رہنمائی کر سکے۔ تو اس کے لیے ہم سے رجوع کریں۔ ہم آپ کی مکمل رہنمائی کریں گے جس سے کامیابی یقینی اور رجعت سے مکمل حفاظت ہو گی۔ بذریعہ ڈاک آپ یہ علم سیکھ سکتے ہیں۔

ادارہ مقیاس الروحانیات

مقصود منزل جناح ٹاؤن، بنگلہ روڈ تحصیل ہارون آباد ضلع بہاولنگر

0333-2424103,0322-2424103,0345-2424103

پاک وہند کے جناب قبلہ معروف ماہر علوم مخفی پیراویس جعفری (ماہر روحانیات) کی شہرہ آفاق وعجوبہ روزگار کتب

سحر صوامت

اس اہم کتاب میں ماہرین حروف کے صدی بہ صدی حروف صوامت پر مبنی عملیات و مجربات کی تفصیل پیش کی گئی ہے یہ نا قابل تردید حقیقت ہے کہ حروف صوامت کے موضع پر کوئی مستند اور جامع کتاب موجود نہیں۔ باکمال مصنف ومؤلف پیراویس جعفری (ماہر روحانیات) نے سحر صوامت لکھ کر ایک بہت بڑی علمی وفنی خدمت سرانجام دی ہے۔ اس کتاب کی تالیف وتصنیف کے سلسلے میں موصوف کی یہ کدوکاوش اور تلاش وجستجو ناقابل فراموش ہے۔ مصنف کا دعوہ ہے کہ اس کتاب پر عمل کر کے آپ عملیاتی دنیا کے بے تاج بادشاہ بن جائیں گے اور سائلین کے کام فقط 13 منٹ سے 13 گھنٹوں میں سرانجام دینے والی پُراسرار قوت کے مالک بن جائیں گے۔

قیمت 1300 روپے

نایاب الحاضرات

باکمال مصنف ومؤلف پیراویس جعفری (ماہر روحانیات) کی شہرہ آفاق تصنیف ہے۔ جس میں مصنف کے افادات پر مشتمل ایسے اعمال حاضرات ومجربات کو جمع کیا گیا ہے جو سہل الحصول ہونے کے ساتھ ساتھ مجرب المجرب بھی ہیں خصوصاً وہ عملیات حاضرات ومجربات ہیں جن پر عمل کر کے ہر شخص نہ صرف لوگوں کو حاضرات کا مشاہدہ کروا سکتا ہے بلکہ خود بھی بلمشافہ حاضرات سے بات چیت کر سکتا ہے ان اعمال کی بجا آوری کے لیے فقط تھوڑی سی محنت کی ضرورت ہے۔ ان اعمال پر عمل پیرا ہونے والوں پر ان کے اسرار ورموز کے سمجھنے کی صلاحیت از خود بیدار ہونے لگتی ہے۔

قیمت 1500 روپے

شفاء بالرمل

پیغمبر دانیالؑ کے معجزانہ علم سے ہر قسم کے روحانی وجسمانی مرض کی تشخیص اور کامل شفاء کے لیے مکمل طریقہ علاج موجود ہے۔ مصنف کا دعوہ ہے کہ جو کوئی بھی اس علم کی تھوڑی بہت سوجھ بوجھ رکھتا ہو وہ اس کتاب پر عمل کر کے دست شفاء کا مالک بن سکتا ہے اور موت کے منہ میں گئے مریضوں کو نئی زندگی دے سکتا ہے۔

قیمت 800 روپے

نایاب العملیات

یہ وہ کتاب ہے جس میں مصنف ومؤلف پیراویس جعفری (ماہر روحانیات) نے نصف صدی کے عملیات وتجربات روحانیات کو مدنظر رکھتے ہوئے مستند ترین قسم کے اعمال ونقوش اور مجربات کو ہی قلم بند کیا ہے اس کتاب کی سب سے بڑی خصوصیت اس کے عملیات کے مآخذ ومصادر کی ہے۔ جس سے اکثر علمائے علم وفن عاجز وقاصر رہے ہیں عملیات کی دنیا کی ایک ایسی کتاب ہے کہ جس سے ارباب علم وفن اور شائقین حضرات دونوں ہی استفادہ حاصل کر سکتے ہیں باکمال مصنف ومؤلف نے عملیاتی اسرار وشواہد کو کمال جانفشانی ومحنت کے ساتھ روز روشن کی طرح واضح کر دیا ہے۔ مصنف کا دعوہ ہے کہ اس کتاب میں تمام عملیات ونقوش بغیر زکوۃ کے بااجازت تحریر ہیں۔ ہر آستانہ اور ہر گھر کی ضرورت ہے۔

قیمت 1500 روپے

استحضار الارواح

باکمال مصنف پیراویس جعفری (ماہر روحانیات) کی نصف صدی کی کاوشوں کا نچوڑ اس کتاب میں حاضرات الارواح، تسخیر موکلات وجنات، تسخیر پریاں، سفلی ارواح اور دیوی دیوتاؤں کو قید کرنے، غلام بنانے اور اُن سے حیران کن کام لینے کے لیے اس کتاب میں مکمل رہنمائی کے ساتھ عملیات موجود ہیں۔ مصنف کا دعوہ ہے کہ آپ تسخیر الارواح کا شوق رکھتے ہیں اور اس سے قبل تسخیر کے عملیات میں ناکام ہیں تو آج ہی اس کتاب کو پڑھیں اور کامیابی کی راہ پر گامزن ہوں۔

قیمت 2000 روپے

نایاب الرمل

تاریک پردوں کی اوٹ میں پوشیدہ واقعات اور مستقبل کی بند مٹھی میں چھپے ہوئے نامعلوم حالات کو جاننے اور دریافت کرنے کی جستجو میں حضرت انسان کی شب وروز کی انتھک محنت وکاوش کا لاجواب نچوڑ۔ مصنف کا دعوہ ہے کہ حضرت دانیالؑ کے اس معجزانہ علم پر عمل کر کے انسانی حالات وواقعات کو جان سکتا ہے اور نامعلوم حالات کو جان کر مختلف رازوں سے پردہ اُٹھا سکتا ہے کیوں کے یہ علم حقیقت کے قریب تر ہے۔

قیمت 1000 روپے

عاداتِ بد اور ہمہ قسم کے نشہ سے مکمل نجات

کا سریع التاثیر اعجاز

معاشرے کی سب سے ناسور لعنت !

چوری، جوا، افیون، شراب، چرس اور ہیروئن کے عادی شخص کو معاشرہ اچھی نگاہ سے نہیں دیکھتا ایسا شخص اپنے نشہ کو پورا کرنے کے لیے تمام اخلاقی حدود کو توڑ کر اپنا نشہ پورا کرنے پر تیار ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے والدین اور بیوی بچے بہت پریشان رہتے ہیں اگر کوئی شخص کسی ایسی غیر اخلاقی حرکت کا شکار ہے تو گھبرانے کی ضرورت نہیں۔ ہمہ قسم عادات بد اور نشہ سے نجات کل نہیں آج اپنے پیاروں کو ایک نئی زندگی بخشیں ایک نئی صبح کے ساتھ

مکمل گارنٹی سے روحانی علاج

ہمیں خط لکھیں یا ملاقات کریں

ادارہ مقیاس الروحانیات

مقصود منزل جناح ٹاؤن بنگلہ روڈ تحصیل ہارون آباد ضلع بہاولنگر